www.mashriq.com.pk

کوئٹہ اور حب سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ
ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد

جلد 54 | 08 ربیع الثانی 1447ھ 02 اکتوبر 2025ء صفحات 08 | شمارہ 87
رجسٹرڈ BC-m-1 | Email. Mashriqqta2008@gmail | PTCL 081-2827345 081-2827344 | قیمت 35 روپے

قطر پر حملہ امریکی امن و سلامتی کیلئے خطرہ سمجھا جائیگا، ٹرمپ نے ایگزیکٹو آرڈر جاری کر دیا

حماس نے غزہ امن منصوبے میں ترامیم پیش کر دیں

قطر پر حملہ ہوا تو امریکا تمام قانونی اور موزوں اقدامات، بشمول سفارتی، معاشی اور ضرورت پڑنے پر فوجی اقدامات کرے گا تاکہ امریکا اور قطر دونوں کے مفادات کا دفاع کیا جا سکے، امریکی صدر

حماس رہنماؤں کے دوحا میں ترک، مصری اور قطری حکام کیساتھ اہم مذاکرات، اسرائیل کے مکمل انخلا اور رہنماؤں کے فلسطین کے اندر یا باہر قتل نہ کیے جانے کی بین الاقوامی ضمانتیں مانگ لیں

غزہ میں امن کی ذمہ داری پہلے عالم اسلام پھر عالمی برادری پر عائد ہوتی ہے، فلسطین میں نسل کشی کیخلاف سب سے موثر آواز ترکیہ کی ہے، قبلہ اول القدس کا دفاع آخری دم تک کرتے رہیں گے، ترک صدر

اسرائیلی فوج نے غزہ امداد لے جانے والے گلوبل صمود فلوٹیلا پر حملہ کر دیا، غزہ کو امداد پہنچانا چاہتے ہیں تو اپنا رخ اشدود کی بندرگاہ کی جانب موڑ لیں، اسرائیلی فوج کی دھمکی آمیز ویڈیو جاری

اقوام متحدہ کا تمام فریقین سے ٹرمپ کے غزہ منصوبے پر عمل درآمد کا مطالبہ، غزہ میں فوری جنگ بندی، بلا رکاوٹ انسانی امداد کی رسائی، تمام یرغمالیوں کی غیر مشروط رہائی ہونی چاہیے۔ انتونیو گوتریس

غزہ، واشنگٹن (م ڈ) حماس اسرائیل کے مکمل انخلا اور رہنماؤں کے فلسطین کے اندر یا باہر قتل نہ کیے جانے کی بین الاقوامی ضمانتیں چاہتی ہے۔ فلسطین کی مزاحمتی تحریک حماس نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے غزہ سے متعلق 20 نکاتی امن منصوبے میں ترمیم کا مطالبہ کر دیا۔ حماس کی قیادت کے قریبی فلسطینی ذریعے نے غیر ملکی خبر ایجنسی سے گفتگو کرتے ہوئے ٹرمپ کے غزہ امن منصوبے میں غیر مسلح ہونے کی شق میں ترمیم کا مطالبہ کیا ہے۔ غیر ملکی خبر ایجنسی کے مطابق حماس کے مذاکرات کاروں نے گزشتہ روز دوحا میں ترک، مصری اور قطری حکام کے ساتھ بات چیت کی۔ فلسطینی ذرائع کے مطابق حماس کچھ شقوں میں ترمیم کرنا چاہتی ہے۔ حماس اسرائیل...... بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

امریکا کی کوئٹہ ایف سی ہیڈ کوارٹرز کے قریب حملے کی شدید مذمت

امریکہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پاکستان کے شانہ بشانہ کھڑا ہے، نیٹلی بیکر

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) امریکا نے کوئٹہ ایف سی ہیڈ کوارٹرز کے قریب دہشت گرد حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے متاثرہ خاندانوں سے دلی تعزیت کا اظہار کیا۔ اسلام آباد میں امریکی سفارتخانے سے جاری...... بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، ایف سی ہیڈ کوارٹرز کے قریب دھماکے کے بعد فورسز نے علاقے کو سیل کر رکھا ہے

پیپلز پارٹی، ن لیگی رہنماؤں کی بیٹھک، مسائل افہام و تفہیم سے حل کرنے پر اتفاق

ملاقات میں اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق، نائب وزیراعظم اسحاق ڈار، رانا ثنا اللہ، اعظم نذیر تارڑ، طارق فضل چوہدری اور رانا مبشر نے شرکت

پیپلز پارٹی کی نمائندگی نوید قمر اور اعجاز جاکھرانی نے کی اور پیپلز پارٹی کی جانب سے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کے بعض بیانات پر تحفظات کا اظہار کیا

اسلام آباد (زاہد احمد خان) ذرائع نے دعویٰ کیا ہے کہ پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ ن کا افہام و تفہیم سے تمام مسائل حل کرنے پر اتفاق ہو گیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق ذرائع نے بتایا کہ پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ ن کے رہنماؤں کے درمیان اہم ملاقات ہوئی، ملاقات پارلیمنٹ ہاؤس میں اسپیکر چیمبر میں ہوئی، ملاقات میں اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق، نائب وزیراعظم اسحاق ڈار، رانا ثنا اللہ، اعظم نذیر تارڑ،...... بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

نواب شاہ، وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی وزیر داخلہ سندھ ضیاء الحسن لنجار سے ان کی والدہ کی وفات پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

سیکورٹی فورسز نے دہشتگردوں کے عزائم کو پوری قوت سے ناکام بنا دیا، سرفراز بگٹی

دشمن ایجنسیوں کے مہرے اور بھارتی سرپرستی میں کام کرنیوالے دہشتگرد بلوچستان کے امن کو سبوتاژ کرنے کے خواب دیکھ رہے تھے

پاکستان کے بہادر سپوتوں کو قوم کی طرف سے سلام پیش کرتا ہوں جنہوں نے اپنی جانوں کی پرواہ کیے بغیر وطن عزیز کی سلامتی کو یقینی بنایا

حکومت ہر سطح پر اپنے سیکورٹی اداروں کے شانہ بشانہ کھڑی ہے، صوبے میں امن و امان کے قیام کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں گے

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ سیکورٹی فورسز نے بلوچستان میں بھارتی سرپرستی میں سرگرم دہشتگردوں کے خلاف دو بھرپور اور کامیاب آپریشنز کر کے ملک دشمن عناصر کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملا دیا۔ ان کارروائیوں کے...... بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

خضدار، خواتین کا لباس پہن کر فرار کی کوشش کرتے ہوئے گرفتار ہونے والے دہشتگرد

خضدار میں فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں کی موجودگی کی اطلاع پر آپریشن، خواتین کا بھیس بدل کر فرار ہونے کی کوشش کرنیوالے 4 دہشتگرد گرفتار

کوئٹہ اور ژوب میں فورسز کی کارروائیاں، 18 دہشتگرد ہلاک

بھاری اسلحہ و گولہ بارود برآمد

2 جوان زخمی

سیکورٹی فورسز نے کوئٹہ کے نواحی علاقے غزہ بند میں فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں کی موجودگی پر انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کیا شدید فائرنگ کے تبادلے میں 10 دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا گیا

ضلع ژوب اور شیرانی کے علاقے میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران سیکورٹی فورسز اور دہشت گردوں کے درمیان فائرنگ کا تبادلہ ہوا جس کے نتیجے میں فتنہ الخوارج کے 8 دہشتگرد ہلاک ہو گئے

خضدار میں کارروائی کے دوران گرفتار دہشت گرد متعدد تخریبی کارروائیوں میں ملوث تھے، مزید دہشت گردوں کی موجودگی کے خاتمے کے لیے کلیئرنس آپریشن جاری ہے، سیکورٹی ذرائع

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) سیکورٹی فورسز کے عملے نے صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے علاقے غزہ بند اور ژوب میں فتنہ الہندوستان اور فتنہ الخوارج کے دہشت گردوں کے خلاف انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران 18 دہشت گردوں کو ہلاک کر کے ان کے قبضے سے بھاری...... بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

آئی ایم ایف کی پاور سیکٹر کا گردشی قرضہ ختم کرنے کیلئے 2031 کی ڈیڈ لائن

سیلاب کے باعث ملکی معیشت کو 370 ارب روپے کا نقصان، 12 ہزار 569 مکانات، 2 ہزار 130 کلومیٹر سڑکیں 248 پل تباہ ہوئے

حکومت نے کیپٹو پاور پلانٹس پر ٹرانزیشن لیوی بڑھانے کا فیصلہ، رواں مالی سال کیپٹو پاور پلانٹس پر 10 فیصد لیوی نافذ کی جائیگی، بریفنگ

اسلام آباد (شاکر رحمان) حکومت اور آئی ایم ایف کے درمیان معاشی مذاکرات میں اہم فیصلے سامنے آئے ہیں۔ آئی ایم ایف نے پاکستان کو پاور سیکٹر کا گردشی قرض ختم کرنے کے لیے 2031 کی ڈیڈ لائن دے دی، اس کے تحت ہر سال پاور سیکٹر کے گردشی قرض کا بہاؤ زیرو رکھنے کی شرط عائد کی گئی ہے۔ ذرائع کے...... بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

بلیدہ سے تین نامعلوم افراد کی لاشیں برآمد، شناخت نہ ہو سکی

تشدد اور گولیوں کے واضح نشانات موجود، علاقے میں خوف و ہراس کی فضا قائم

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) ضلع کیچ کی تحصیل بلیدہ کے علاقے سوراپ ڈیم کے قریب سے تین لاشیں برآمد ہوئی ہیں جن پر تشدد اور گولیوں کے واضح نشانات موجود تھے۔ مقامی ذرائع کے مطابق یہ لاشیں ڈیم کے کنارے سے ملی ہیں تاہم تاحال مقتولین کی شناخت...... بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ میں ہلاک ہونیوالے دہشتگردوں کی شناخت کا کام جاری، مقدمہ درج

ہلاک دہشت گردوں کے ڈی این اے اور فنگر پرنٹ حاصل کرنے کے بعد ان کی شناخت کا کام نادرا مکمل کرے گا

وقوعہ سے حاصل شدہ اور دیگر دستیاب شواہد کا جائزہ لیا جا رہا ہے، اداروں نے دھماکے کی اعلیٰ سطحی تحقیقات کا آغاز کر دیا

میں نامعلوم افراد کے خلاف درج کیا گیا ہے جس میں انسداد دہشتگردی، ایکسپلوزو ایکٹ سمیت دیگر دفعات شامل ہیں

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ کے علاقے حالی روڈ پر خودکش دھماکے اور مقابلے میں ہلاک ہونے والے دہشتگردوں کی شناخت کے لیے نادرا سے رجوع کر لیا گیا، واقعہ کا مقدمہ بھی درج کر لیا گیا، سی ٹی ڈی بلوچستان ذرائع کے مطابق کوئٹہ کے علاقے پشین اسٹاپ پر ہونے والے خودکش دھماکے کا مقدمہ...... بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

علیمہ سے لفظی جنگ، عمران نے گنڈا کو ملاقات کیلئے بلا لیا

بانی پی ٹی آئی کی جانب سے دونوں کو مزید بیانات دینے سے بھی روک دیا گیا

اگر مجھ سے ملاقات نہ ہو سکی تو چاروں نئے کو آرڈینیٹرز فیصلہ کرینگے، بانی پی ٹی آئی

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) بانی پی ٹی آئی عمران خان نے وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور اور علیمہ خان کے درمیان لفظی جنگ کا نوٹس لیتے ہوئے علی امین گنڈاپور کو ملاقات کے لیے بلا لیا۔ بانی پی ٹی آئی کی جانب سے علیمہ خان اور گنڈاپور کو مزید بیانات دینے سے بھی روک دیا گیا ہے۔ علی امین مجھ سے ملنے آئے اور اپنے بیانات پر وضاحت دے۔ انہوں نے کہا کہ اگر مجھ سے ملاقات نہ ہو سکی تو چاروں نئے کو آرڈینیٹرز فیصلہ کریں گے، بانی تحریک انصاف نے چار رکنی کمیٹی کو سیاسی فیصلوں کا بھی اختیار دے دیا۔ کسی بھی قسم کے فیصلے بانی سے...... بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان کو گیس کی فراہمی میں امتیازی سلوک، عدالت عالیہ برہم

وفاق اور گیس کمپنی نے آئین کے آرٹیکل 158 جس میں بلوچستان کو پہلی ترجیح دینے کے معاملے پر خلاف ورزی کی ہے، چیف جسٹس

گیس کمپنی کی رپورٹ پر عدم اطمینان، آئندہ سماعت میں تمام صوبوں کو فراہم کی جانیوالی گیس سے متعلق جامع رپورٹ پیش کرنیکی ہدایت

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان ہائیکورٹ نے صوبے کو گیس کی فراہمی میں امتیازی رویے پر سخت برہمی کا اظہار کرتے ہوئے سوئی سدرن گیس کمپنی اور حکومت بلوچستان کو آئندہ سماعت پر تفصیلی رپورٹ پیش کرنے کا حکم دے دیا۔ چیف جسٹس عدالت عالیہ بلوچستان جسٹس روزی خان بڑیچ اور جسٹس سردار احمد حلیمی پر مشتمل دو رکنی بینچ نے ایڈووکیٹ سید نذیر احمد آغا کی...... بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

آئینی بینچ نے سپر ٹیکس کیس میں اہم سوالات اٹھا دیئے

جس پر ٹیکس ہوتا، سپر ٹیکس کیسے نافذ کرتے ہیں؟ یہ قانون کہاں سے آیا، جسٹس مندوخیل

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سپریم کورٹ کے آئینی بینچ کے سامنے سپر ٹیکس کیس کی سماعت کے دوران مختلف کمپنیوں کے وکیل فروغ نسیم نے دلائل دیئے جس پر جسٹس...... بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

اسلام آباد ہائی کورٹ، لاپتہ افراد کیسز میں ان کیمرا بریفنگ طلب

درخواست گزار آئندہ سماعت پر رقم وصولی کی تصدیق سے متعلق آگاہ کریں، عدالت

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) اسلام آباد ہائیکورٹ نے لاپتہ افراد کے کیسز میں ان کیمرا بریفنگ طلب کر لی۔ جسٹس محسن اختر کیانی نے عمر عبداللہ بازیابی کیس کی...... بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان اسمبلی کا اجلاس آج سہ پہر تین بجے ہوگا

میر زابد علی ریکی لبد انڈکورہ روڈ کی تعمیر سے متعلق توجہ دلاؤ نوٹس پیش کریں گے

ظفر علی آغا تعلیم کی زبوں حالی کے خاتمے کے لیے تجاویز پر مبنی قرارداد پیش کریں گے

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان اسمبلی کا اجلاس آج سہ پہر تین بجے ہوگا۔ اجلاس میں جمعیت علماء اسلام کے رکن میر زابد علی ریکی لبد انڈکورہ روڈ کی تعمیر سے متعلق توجہ دلاؤ نوٹس پیش کریں گے۔ اجلاس میں رکن اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ گوادر کو ایم سی...... بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان میں پوست کے بیج کی نقل و حمل، خرید و فروخت پر پابندی عائد

کوئٹہ (خ ن) حکومت بلوچستان نے صوبے بھر میں پوست کے بیج (خشخاش) کی نقل و حمل، خرید و فروخت اور خریداری پر فوری اور مکمل پابندی عائد کر دی ہے۔ محکمہ داخلہ بلوچستان کی جانب سے جاری اعلامیے کے مطابق...... بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان اور چین کی آزمودہ دوستی مزید مضبوط ہو رہی ہے، آصف زرداری

صدر شی جن پنگ کی قیادت میں چین کو ترقی کی نئی بلندیوں تک لے گئی، صدر مملکت

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا ہے کہ پاکستان اور چین کی آزمودہ دوستی مزید مضبوط ہو رہی ہے، پاکستان کے عوام چین کی خوشیوں...... بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

کم عمری کی شادی باطل نہیں قانوناً جرم ہے، عدالت

اسلام آباد ہائیکورٹ 15 سالہ لڑکی کو شوہر کیساتھ رہنے کی اجازت دیدی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) اسلام آباد ہائیکورٹ نے 15 سالہ لڑکی کو اپنے شوہر کے ساتھ رہنے کی اجازت دیدی۔ عدالت نے 15 سالہ لڑکی کی شادی کے کیس...... بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، گزشتہ روز ہونیوالے دھماکے سے متاثرہ دفاتر کی صفائی کی جا رہی ہے

خودکش حملے کے زخمی 25 مریضوں کو ہسپتال سے ڈسچارج کر دیا گیا

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ کے ماڈل ٹاؤن میں ہونے والے خودکش حملے کے 25 مریضوں کو ہسپتال سے ڈسچارج کر دیا گیا۔ ترجمان سول ہسپتال کوئٹہ وسیم بیگ کے مطابق بدھ کو ماڈل پشین اسٹاپ کے قریب...... بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

خودکش دھماکے کا ایک اور زخمی چل بسا

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) ایف سی ہیڈ کوارٹر پر خودکش دھماکے میں زخمی ہونے والے 24 افراد کو ٹراما سینٹر سے علاج معالجے کے بعد ڈسچارج کر دیا گیا ہے ٹراما سینٹر میں ایک خاتون سمیت 2 افراد زیر علاج ہیں زخموں کی تاب...... بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر

ٹرمپ کے امن منصوبے پر وزیراعظم کو سنبھل کے موقف دینا چاہیے، مولانا فضل الرحمٰن

امریکہ اور اسرائیل نے کبھی بین الاقوامی معاہدات کی پاسداری کی ہے اور نہ ہی عالمی قوانین کا احترام کیا ہے

دنیا کا کون سا ملک یہ ضمانت دے سکتا ہے کہ معاہدہ کے بعد اسرائیلی جارحیت رک جائے گی، سربراہ جے یو آئی

اسلام آباد (زاہد احمد خان) جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے کہا ہے کہ امریکی صدر کے امن منصوبہ پر پاکستانی وزیراعظم کو سنبھل کے موقف دینا چاہیے، تاریخ گواہ ہے امریکہ اور اسرائیل نے کبھی بین الاقوامی معاہدات کی پاسداری کی ہے اور نہ ہی عالمی قوانین کا احترام کیا ہے۔ امریکی صدر نے عالمی عدالت انصاف کی طرف سے مجرم قرار دیئے گئے نیتن یاہو کے ساتھ پریس...... بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

تحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہ محمود خان اچکزئی سے علامہ عباس ناصر اور مصطفیٰ نواز کھوکھر ملاقات کر رہے ہیں

میں ایجنٹ ہوں اسلئے پورا دن قبرستان میں کھڑا کر دیا تھا؟ علیمہ خان

علی امین گنڈاپور ثابت کرے میں کس وی لاگر کو کنٹرول کرتی ہوں؟، الزامات پر ردعمل

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) بانی پی ٹی آئی عمران خان کی ہمشیرہ علیمہ خان نے کہا ہے کہ میں نے علی امین گنڈاپور کا ویڈیو بیان نہیں سنا لیکن اگر میں ایم آئی کی ایجنٹ ہوں...... بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

محکمہ معدنیات کا تمام کوئلہ کانوں کے تفصیلی معائنے کا فیصلہ

سینئر آفیسران پر مشتمل ایک ٹیم تشکیل دی ہے جو کوئلہ کانوں کا دورہ کر کے رپورٹ دے گی

رواں سال کوئلہ کانوں میں ہونے والے حادثات میں 50 کانکن جاں بحق ہو چکے، حکام

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کی کوئلہ کانوں میں بڑھتے ہوئے حادثات کے پیش نظر محکمہ معدنیات نے صوبے کی تمام کوئلہ کانوں کے تفصیلی معائنے کا فیصلہ کر لیا ضلع دکی میں حفاظتی قوانین پر عمل نہ کرنے والی 70 کوئلہ کانیں سیل کر دی گئیں، چیف مائنز انسپکٹر بلوچستان...... بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان میں بلدیاتی ضمنی انتخابات آج ہوں گے، تیاریاں مکمل

اے سی، اے ڈی سی اور ڈی ای اوز ریٹرننگ اور پریذائیڈنگ افسر مقرر

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں بلدیاتی اداروں کے چیئرمین اور وائس چیئرمین کی خالی نشستوں پر ضمنی انتخابات آج جمعرات کو منعقد ہوں گے...... بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

منگچر، لانگو قبائل اور مسلح افراد میں فائرنگ تبادلہ، 5 افراد ہلاک، 2 زخمی

تصادم کلی کور میں ہوا، ہلاک ہونے والوں میں سے ایک کی شناخت بالاچ خان ولد سعد اللہ کے نام سے ہوئی

زخمیوں میں نصر اللہ لانگو اور راہ گیر داد سمالانی شامل، لاشیں و زخمی ہسپتال منتقل، مزید کارروائی انتظامیہ کر رہی ہے

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) منگچر کے علاقے میں مسلح افراد اور لانگو قبائل کے درمیان جھڑپ کے نتیجے میں 5 افراد ہلاک جبکہ 2 زخمی ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق بدھ کو منگچر کے نواحی علاقے کلی کور میں نامعلوم مسلح افراد اور لانگو قبائل کے درمیان جھڑپ کے نتیجے میں...... بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

روہنگیا مسلمانوں کی محفوظ واپسی یقینی بنائی جائے، پاکستان

رخائن میں پرتشدد کارروائیوں نے مشکلات کو شدید تر بنا دیا ہے، عاصم افتخار کا خطاب

نیویارک (بیورو رپورٹ) اقوام متحدہ جنرل اسمبلی میں پاکستان نے روہنگیا مسلمانوں کی محفوظ واپسی کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ حالیہ دنوں میں میانمار کی ریاست...... بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر

آئندہ مالی سال کا بجٹ آئی ایم ایف نہیں بنائیگا، وفاقی وزیر خزانہ

رواں سال ابتدائی طور پر 25 کروڑ ڈالر کا پانڈا بانڈ جاری کئے جائینگے، مجموعی طور پر ایک ارب ڈالر کے بانڈ جاری ہونگے

50 کروڑ ڈالر کے یورو بانڈ کی ادائیگی کر دی ہے، محمد اورنگزیب کا سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے خزانہ کے اجلاس سے خطاب

اسلام آباد (زاہد احمد خان) سلیم مانڈوی والا کی زیر صدارت سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے خزانہ کا اجلاس ہوا جس میں وزیر خزانہ محمد اورنگزیب اور اٹارنی جنرل بھی شریک ہوئے۔ کمیٹی اجلاس میں ایف بی آر کی جانب سے صدارتی آرڈر کے خلاف اپیل کا معاملہ زیر بحث...... بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

محمود خان اچکزئی سے راجہ ناصر عباس جعفری اور نواز کھوکھر کی ملاقات

ملک کی موجودہ سیاسی صورتحال تیراہ اور آزاد کشمیر کے حالات پر بات چیت

اسلام آباد/کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے چیئرمین و تحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہ رکن قومی اسمبلی محمود خان اچکزئی سے وحدت مسلمین کے سربراہ سینیٹر...... بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

جے یو آئی کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن جامعہ اشرفیہ لاہور میں طلباء سے خطاب کر رہے ہیں

نصیر آباد میں تخریب کاری کی بڑی کوشش ناکام بنا دی گئی

اداروں نے ہائی ٹرانسمیشن لائن کے کھمبوں پر نصب دو بم ناکارہ بنا دیئے

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) نصیر آباد میں تخریب کاری کی بڑی کوشش پولیس اور قانون نافذ کرنے والے اداروں نے ہائی ٹرانسمیشن لائن کے کھمبوں پر نصب دو بم...... بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

وفاق المدارس، آن لائن تعلیم اور داڑھی کاٹنے والے طلبہ کے امتحان پر پابندی عائد

شریعت کے نام پر اسلحہ اٹھانے کی دوٹوک مخالفت کرتے ہیں، ملک میں نفاذ شریعت کیلئے پر امن تحریک ہی واحد راستہ ہے

تقاریب کی ویڈیوز اور تصاویر پر پابندی ہوگی، عہدیدار اپنے کسی اجتماع یا تقریب کی ویڈیوز اور تصاویر جاری نہیں کریں گے

سالانہ امتحان کے معیار کو بلند کرنے کیلئے امتحانات آئندہ سے 2 مراحل میں ہوں گے، مفتی تقی عثمانی کی سربراہی میں اجلاس کے فیصلے

کراچی (بیورو رپورٹ) وفاق المدارس نے آن لائن تعلیم اور داڑھی کاٹنے والے طلبہ کے امتحان پر پابندی لگا دی...... بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

آزاد کشمیر میں عوامی ایکشن کمیٹی کے پرتشدد مظاہرے، 3 پولیس اہلکاروں سمیت 9 افراد جاں بحق

مسلح بلوائیوں کے حملوں میں 172 پولیس اہلکار جبکہ 50 شہری زخمی ہوئے، 12 اہلکاروں کی حالت تشویشناک، ہسپتال منتقل

حکومت نے عوامی ایکشن کمیٹی کو مذاکرات کی پیشکش کر دی، ہم 2 مطالبات پر مذاکرات کے لیے تیار ہیں، طارق فضل چوہدری

پولیس اہلکاروں کے خاندان کے افراد نے حکومت سے قاتلوں کو قانون کے کٹہرے میں لا کر سخت سزائیں دینے کا مطالبہ کر دیا

مظفر آباد، اسلام آباد (زاہد احمد خان) آزاد کشمیر میں گزشتہ تین روز سے ہونے والے عوامی ایکشن کمیٹی کے پرتشدد مظاہروں میں 3 پولیس اہلکاروں سمیت 9 افراد جاں بحق ہو گئے۔ آزاد کشمیر حکومت کے مطابق...... بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ سے کراچی جانیوالی بولان میل منسوخ کر دی گئی

کراچی سے بولان میل نے 30 ستمبر کو روانہ ہو کر یکم اکتوبر کو کوئٹہ پہنچنا تھا

کوئٹہ (این این آئی) کراچی سے کوئٹہ کیلئے چلائی جانے والی واحد ٹرین بولان میل کو ایک مرتبہ پھر منسوخ کر دی گئی دو اکتوبر کو کوئٹہ سے کراچی کیلئے بولان میل روانہ...... بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

پیپلز پارٹی کا مریم نواز سے بیانات واپس لینے اور معافی مانگنے کا مطالبہ

ہمارے کسی لیڈر نے پنجاب سے متعلق کوئی متنازعہ گفتگو نہیں کی، پیپلز پارٹی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پیپلز پارٹی نے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز سے بیانات واپس لینے اور معافی مانگنے کا مطالبہ کر دیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق ذرائع کا کہنا ہے کہ نائب وزیراعظم اسحاق ڈار سے پیپلز پارٹی کے وفد نے ملاقات کی، پیپلز پارٹی کا موقف تھا کہ ہمارے کسی لیڈر، کارکن نے پنجاب سے متعلق کوئی متنازعہ گفتگو نہیں کی۔ پی پی رہنماؤں نے کہا کہ ہمارے کسی کارکن، پارٹی عہدیدار، رہنما نے پنجاب پر تنقید یا سوشل میڈیا پر لکھا ہے تو ثبوت...... بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

ہر سال 40 ہزار خواتین بریسٹ کینسر سے زندگی ہار جاتی ہیں، آصفہ بھٹو

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) خاتون اول آصفہ بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ صحت کو اہمیت دیں، خاموشی توڑ دیں اور...... بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

این سی سی آئی اے کا عمران خان سے ایک بار پھر تفتیش کا فیصلہ

جیل میں ہونے کے باوجود ایکس اکاؤنٹ کیسے فعال ہے؟، سوالنامہ دے دیا گیا

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) بانی پی ٹی آئی عمران خان کے ایکس ہینڈل کے استعمال سے متعلق اہم پیش رفت، نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی (این سی سی...... بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

ویڈیو لنک ٹرائل کہہ کر دھوکے سے بانی کی حاضری لگوائی گئی، علیمہ خان

ویڈیو لنک میں 3 بار پیش کیا گیا مگر مجھے کوئی آواز نہیں آئی کہ کیا ہو رہا ہے

عمران کا کہنا ہے یہ غیر قانونی ٹرائل ہے، وکلا کے بغیر میں پیش نہیں ہوں گا

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) بانی پی ٹی آئی کی بہن علیمہ خان نے کہا ہے کہ ویڈیو لنک ٹرائل کہہ کر دھوکے سے حاضری لگوائی گئی، عمران خان اب پیش نہیں ہوں گے، عمران خان کے لیے نئی نئی غیر قانونی چیزیں ایجاد کر رہے ہیں، جج اور پراسیکیوشن کو ایسا نہیں کرنا چاہیے۔ کچہری میں پیشی کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے علیمہ خان نے بتایا کہ عمران خان کا کہنا ہے کہ ان کو غلط بیانی سے ایک کمرے میں لے جا کر ویڈیو لنک میں ان کی حاضری لگوائی گئی...... بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان دہائیوں سے گورننس اور امن و امان کے سنگین مسائل کا شکار ہے، سلیم کھوسہ

مخلوط صوبائی حکومت نے ایسے ٹھوس اقدامات اٹھائے ہیں جن کے مثبت اثرات عام آدمی کی زندگی میں نمایاں طور پر سامنے آنا شروع ہو گئے

وزیراعلیٰ بلوچستان اپنی کابینہ اور اسمبلی کو فیصلوں میں شامل کرتے ہیں بلکہ اتحادی جماعتوں اور پارلیمنٹ سے باہر قیادت کو بھی اعتماد میں لیتے ہیں

متعلقہ اسٹیک ہولڈرز کی مشاورت کو یقینی بنایا جاتا ہے، جس سے شفافیت اور سیاسی ہم آہنگی کو فروغ مل رہا ہے، پارلیمانی لیڈر ن لیگ

کوئٹہ (خ ن) پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے پارلیمانی لیڈر و صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم احمد کھوسہ نے کہا ہے کہ بلوچستان گزشتہ دو دہائیوں سے گورننس اور امن و امان کے سنگین مسائل کا شکار رہا ہے موجودہ مخلوط صوبائی حکومت نے گزشتہ...... بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

طالبان کی افغانستان میں انٹرنیٹ پر ملک گیر پابندی کی تردید

بندش تکنیکی وجوہات کی بنا پر ہوئی، انٹرنیٹ پر پابندی عائد نہیں کی، طالبان حکام

کابل (م ڈ) طالبان حکومت نے افغانستان میں انٹرنیٹ کی ملک گیر پابندی کی خبروں کو مسترد کر دیا۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق طالبان حکومت کی وضاحت حالیہ دنوں میں ہونے والے بڑے پیمانے پر کمیونیکیشن بلیک آؤٹ کے بعد سامنے آئی ہے...... بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان سیکرٹریز کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

کوئٹہ میں لوکل بسوں پر پابندی کے بعد نان لوکل اور گرین بسوں میں اوورلوڈنگ عروج پر

گرین بسوں سمیت نان لوکل بسوں میں بھی اوورلوڈنگ پر فوری طور پر پابندی عائد کی جائے، شہریوں کا مطالبہ

کوئٹہ (ایریا رپورٹر) کوئٹہ میں لوکل بسوں پر پابندی عائد کرنے کے بعد نان لوکل بسوں میں انسانوں کو بھیڑ بکریوں کی طرح ٹھونسا جا رہا ہے، جبکہ کوئٹہ شہر میں گرین بسوں کی تعداد کم ہونے کے باعث گرین بسوں میں بھی پرانی نظام کو تقویت مل گئی، گرین بسوں میں اوور لوڈنگ کا سلسلہ اپنے عروج پر پہنچ گیا، جیب کے باعث مسافروں کے جیب بھی غیر محفوظ ہے، ایک شہری نے مشرق سے شکایت کی ہے کہ ہمارے جیب سے 15 ہزار روپے جیب کتروں نے نکالا گیا ہے، جس کی بنیادی وجہ بسوں مسافروں کو بھیڑ بکریوں کی طرح ٹھونسا جا رہا ہے، گرین بسوں سمیت نان لوکل بسوں میں بھی اوور لوڈنگ پر فوری طور پر پابندی عائد کی جائے، متعدد شہریوں موسیٰ جان، تاج محمد، مولوی جیلانی، اکبر جان، شاور خان کے علاوہ بس میں بیٹھے مسافروں نے بڑی تعداد میں اپنی شکایت درج کرتے ہوئے بتایا کہ حکومت نے گرین بس منصوبہ کو شہریوں کو باعزت سفر کیلئے بنایا گیا تھا لیکن اب حالت وہی پرانی بسوں کی طرح ہو گئی، شہریوں نے فوری طور پر کوئٹہ شہر و اس کے اطراف میں مزید گرین بسیں لانے کا مطالبہ کیا اور کہا کہ کوئٹہ شہر میں صرف 8 گرین بسیں چلتی ہیں یہ ناکافی ہے، جبکہ گرین بس میں سوار درجنوں مسافروں سے جب مشرق سروے ٹیم کے نمائندے نے پوچھا گیا تو انہوں نے بتایا کہ لوکل بسیں جن کو اجازت ملی ہے، وہ لوکل بس نہیں رہا ہے لوکل بسوں میں خواتین کیلئے علیحدہ پورشن ہونا چاہئے، ان بسوں کی فزیکل ٹیسٹ ہونا چاہئے، ان کا سٹاف معلوم ہونا چاہئے، اس طرح عمل سے ٹریفک مسائل ختم ہو گئے، حکومت بلوچستان نے جو گرین بسوں کو کوئٹہ شہر میں نکالا گیا ہے اس کی تعداد ناکافی ہے، حکومت کو چاہئے کہ فوری طور پر کوئٹہ شہر میں گرین بسوں کی تعداد بڑھائی جائے، تاکہ گرین بسوں سمیت کوئٹہ ٹو چکلاک اور دیگر لوکل بسوں میں اوور لوڈنگ کا سلسلہ بھی ختم ہو سکے، انہوں نے بتایا کہ کوئٹہ شہر میں لوکل بسوں پر پابندی عائد کرنے کے بعد نان لوکل بسوں میں انسانوں کو بھیڑ بکریوں کی طرح ٹھونسا جا رہا ہے، جس کے باعث عوام کو ذہنی اذیت کا سامنا ہے، اس سلسلے میں سیکرٹری ٹرانسپورٹ محمد حیات کاکڑ سے رابطہ کرنے پر انہوں نے بتایا ہے کہ بہت جلد کوئٹہ شہر میں 17 گرین بسوں کا افتتاح کرینگے گرین بسوں کی تعداد بڑھنے سے شہریوں کی جو لاتعداد مسائل ہیں ان پر خود بخود قابو آ جائیگی، اور اسی طرح لوکل بسوں میں مسابقت پیدا ہو گی اور اس سے شہریوں کو بروقت اپنے منزل تک پہنچیں گے۔

کوئٹہ، جامعہ بلوچستان کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ظہور احمد بازئی اور نیشنل کمیشن برائے ہیومن ڈویلپمنٹ کے ڈائریکٹر جنرل علی اصغر جامعہ میں خواندگی پروگرام کے فروغ کیلئے ایک مفاہمتی یادداشت پر دستخط کر رہے ہیں

شفاف مالی نظم و نسق اور وسائل کے موثر استعمال کے بغیر تعلیمی ترقی ممکن نہیں، ڈاکٹر ظہور احمد بازئی

جامعہ بلوچستان کے ساٹھویں فنانس اینڈ پلاننگ کمیٹی کے اجلاس میں جاری اخراجات پر مشتمل بجٹ تخمینہ پر غور کیا گیا

کوئٹہ (خ ن) جامعہ بلوچستان کے ساٹھویں فنانس اینڈ پلاننگ کمیٹی کا اجلاس زیر صدارت وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ظہور احمد بازئی منعقد ہوا اس موقع پر وائس چانسلر نے جامعہ کی مالی کارکردگی اور مستقبل کے مالیاتی منصوبوں پر تفصیلی پریزنٹیشن بھی پیش کی۔ اجلاس کے دوران مکمل ایجنڈا، ورکنگ پیپرز اور بجٹ تجاویز تمام اراکین کو پیشگی فراہم کی گئیں تاکہ جامعہ کی تعلیمی اور انتظامی ضروریات کے مطابق وسائل کی تقسیم اور مالی منصوبہ بندی پر مشاورت کی جا سکے۔ اجلاس میں پروفیسر ڈاکٹر ممتاز علی بلوچ، وائس چانسلر میر چاکر خان رند یونیورسٹی سبی بشیر احمد کاکڑ، ایڈیشنل سیکرٹری محکمہ خزانہ، حکومت بلوچستان نمائندہ سیکرٹری خزانہ حافظ محمد قاسم، ایڈیشنل سیکرٹری محکمہ خزانہ، حکومت بلوچستان، جہانزیب مندوخیل، ایڈیشنل سیکرٹری محکمہ ہائر اینڈ ٹیکنیکل ایجوکیشن، حکومت بلوچستان، محمد نور، نمائندہ گورنر بلوچستان محمد طارق جوگیزئی، رجسٹرار جامعہ بلوچستان، ناصر مری، ٹریژرار خوشحال خان کنسلٹنٹ ٹریژرار جامعہ بلوچستان، غلام فاروق بادینی، ڈائریکٹر جنرل انجینئرنگ اینڈ ورکس۔ ڈاکٹر عبدالناصر کیازئی، ڈائریکٹر جنرل اسٹوڈنٹس افیئرز محترمہ ثمینہ درانی، ڈائریکٹر فنانس ہائیر ایجوکیشن کمیشن اسلام آباد بذریعہ آن لائن شرکت کی، پروفیسر ڈاکٹر زینب بی بی، ڈین فیکلٹی آف مینجمنٹ اینڈ انفارمیشن سائنس ڈاکٹر سید مزمل بخاری، ڈائریکٹر کیو اے ڈی شریک ہوئے۔ اجلاس میں جامعہ کی مالی کارکردگی، مجوزہ اخراجات اور ترجیحی ترقیاتی منصوبوں پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ان منصوبوں میں تعلیمی انفراسٹرکچر کی بہتری، فیکلٹی کی ترقی، طلبہ سہولیات کی فراہمی اور تحقیقی سرگرمیوں کے فروغ کو خصوصی طور پر شامل کیا گیا۔ وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ظہور احمد بازئی نے کہا کہ شفاف مالی نظم و نسق اور وسائل کے موثر استعمال کے بغیر تعلیمی ترقی ممکن نہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ بجٹ سازی میں موجودہ اور مستقبل کی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے منصوبہ بندی کی گئی ہے تاکہ جامعہ بلوچستان اعلیٰ تعلیم کے فروغ میں اپنا موثر کردار ادا کر سکے۔

ہزار گنجی ڈاکوؤں کے رحم و کرم پر عوام، تاجر اور طلباء غیر محفوظ، حافظ محمد معصوم

روزانہ کی ڈکیتیاں اور وارداتوں نے عوام کی زندگی اجیرن بنا دی ہے، ریاض الحق قریشی

کوئٹہ (پ ر) ہزار گنجی ڈاکوؤں کے رحم و کرم پر عوام، تاجر اور طلباء غیر محفوظ، حکومت خواب غفلت میں حافظ محمد معصوم، ریاض الحق قریشی۔ یوسف وقار شاہوانی اور کابینہ کے دیگر اراکین نے اپنے ایک مشترکہ بیان میں کہا کہ ہزار گنجی اور اس سے ملحقہ علاقے ڈاکوؤں کے نرغے میں ہیں۔ روزانہ کی ڈکیتیاں اور وارداتوں ... نہیں۔ عوام خوف اور عدم تحفظ کے سائے تلے زندگی گزارنے پر مجبور ہیں جبکہ حکومت اور قانون نافذ کرنے والے ادارے تماشائی بنے بیٹھے ہیں۔ یہ صورتحال حکومت کی نااہلی اور مجرمانہ غفلت کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ اگر فوری طور پر اقدامات نہ کیے گئے تو عوام اپنے جان و مال کے تحفظ کے لیے خود ...

پاکستان محض ایک جغرافیائی خطہ نہیں بلکہ ایک نظریاتی ریاست ہے، حافظ حبیب الرحمن

کوئٹہ بم دھماکہ کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں، احسان خان کاکڑ

جامعہ بلوچستان اور این سی ایچ ڈی کے درمیان مفاہمتی یادداشت پر دستخط

پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ بدترین ظلم ہے، ٹرانسپورٹرز

انتہائی احساس مقام پر دہشت گردی کی کاروائی باعث تشویش ہے، عبدالله صافی

ایف بی بیکرز کراس بلوچستان پورا بلوچستان غم زدہ ہو گیا ہے، عرفان جمالی

کوئٹہ دھماکہ قابل مذمت ہے شہداء کے لواحقین کو امداد دی جائے، عادل آکاش

پاکستان چیسٹ سوسائٹی کی سالانہ جنرل میٹنگ 2 نومبر کو منعقد ہوگی

شادی ہالز اور مارکیز کی بلیک میلنگ ناقابل برداشت ہے، سید صادق آغا

شہید ولایت حسین ایڈووکیٹ کی 16 ویں برسی عقیدت و احترام سے منائی گئی

عوامی فلاح و بہبود کے منصوبوں کو وجہ سے ہمکنار کیا جا رہا ہے، مجیب الرحمن قمبرانی

ٹرمپ ایک وقت میں ثالث بھی اور جارح بھی ہے، عبدالستار شاہ چشتی

اسلامیہ ہائی اسکول نے پلر اسکول کو 3 گول سے شکست دے کر فائنل جیت لیا

صوبے کے بیشتر اضلاع میں آج موسم گرم اور خشک رہے گا، محکمہ موسمیات

ماحولیاتی تبدیلی کے اثرات سے نمٹنے کیلئے زیادہ سے زیادہ درخت لگائیں، سول سوسائٹی

بولان اکیڈمی کی تاسیسی وتعارفی تقریب 25 اکتوبر کو ہوگی

کوئٹہ ٹوٹی سڑکیں اور کھلے مین ہولز راہ گیروں کیلئے مشکلات کا سامنا، فوری مرمت کا مطالبہ

اسلامیہ ہائی سکول کوئٹہ کی فاتح فٹبال ٹیم سپورٹس انچارج وحید خان اچکزئی کی قیادت میں ٹرافی کے ہمراہ

ڈاکٹر عبداللہ بلوچ کی زوجہ کی نماز جنازہ ادا کر دی گئی

کی والدہ محترمہ کی نماز جنازہ ویار قبرستان کراوند ڈیرہ مراد جمالی میں ادا کر دی گئی۔ جس میں علاقائی معتبرین و معززین سرکاری ملازمین بلدیاتی نمائندوں صحافی برادری سمیت شہریوں کی بڑی تعداد میں شرکت۔ تدفین تحصیل بھاگ کے گوٹھ جھلگری میں ادا کی گئی تعزیت و فاتحہ خوانی ٹی این ٹی کالونی ڈیرہ مراد جمالی میں جاری ہے

برقی آلات واپس نہ کرنے والوں کیخلاف قانونی کاروائی کی جائے گی، کیسکو

... قانونی کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔ کیسکو کے وہ تمام زرعی صارفین جنہیں حکومت کی جانب سے جنہیں سولرائزیشن کی مد میں رقم مل چکے ہیں اور انہوں نے تاحال زرعی ٹرانسفارمرز، کھمبے اور ان سے منسلک دیگر برقی آلات واپس نہیں کئے ہیں ان زرعی صارفین کی فہرست تیار کرکے ضلعی انتظامیہ کو قانونی کارروائی کیلئے ارسال کر دی گئی ہے۔

مرحوم محمد طاہر کی ساجزادی انتقال کر گئیں

NOTICE INVITING TENDER

The Municipal Committee Washbod invites bids from eligible Bidders for supply of following items. **TSE-25261088454 1 Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. Tender Fee Not required**

S.No	Class of Object	Bid Security
1	Manufactured Vehicles & Accessories (Total Item(s) Count: 4)	2%

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** 3 Assignments of Similar Nature and Complexity 20,000,000 in Previous 3 Years Turn over of at least 20,000,000 PKR in 3 Subsequent Previous Years Presence in Active Tax Payer List Sales Tax Certificate The bidding firm must not be currently blacklisted by any procuring agency of Pakistan JV is not permissible Submission of the required Bid Security In case Bid Security is not found as required during financial evaluation the bidding firm shall be declared as in-eligible and non-responsive Dealer must have local presence of their 3s Dealership in Balochistan. Committee Members will visit 3s facility & availability of sufficient spare parts at dealership Original Scan of 3S Dealership Certificate in Balochistan 3s dealer have availability of mobile workshop service in Balochistan **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk **Issuance of tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically latest by 17 October, 2025till 09:00 AM through supplier dashboard. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at 10:00 AM on EPPS System

Address: Municipal Committee Washbod

Phone no: 0334237391 Email: washbodmc@gmail.com

CHIEF OFFICER
MUNICIPAL COMMITTEE WASHBOOD
DISTRICT PANJGUR

AB No.321/01-10-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

SEEKING A BUILDING FOR RENT FOR PROJECT

"GREEN BALOCHISTAN INITIATIVE"

The Project Director "Green Balochistan Initiatives" (GBI) Project titled "Transforming Balochistan: Agriculture Development through Sustainable Agricultural Infrastructure Establishment (Phase-I Green Balochistan Initiative)", is seeking bids from registered firms/property dealers/owners to provide suitable buildings for establishing GBI Offices to run the said project. The buildings should be situated in Turbat and Sui cities, and should be located security wise in safest area.

Requirements for Buildings:

Location: Central and easily accessible area in the Turbat city at District Kech, and the Sui city at District Dera Bugti one each.

Space: A building with a minimum of 5 or 6 rooms including a store room.

Facilities:

Uninterrupted electricity and water supply.

Telephone and internet connectivity or feasibility for installation.

Basic security measures.

Additional Features (preferred):

Parking area.

Green space or veranda for on-site sustainability demonstrations (optional).

Contact Us:

If you own a building that fits the above descriptions, then it would be in the best interest of GBI.

Please contact us on: Address: Office No. 1, Block B, 1 Floor, Brand Village, Quetta. Phone: 0305-8450733.

Email: greenbalochistan@gmail.com.

Deadline: 15th October, 2025.

PROJECT DIRECTOR
GREEN BALOCHISTAN INITIATIVES

AB No.322/01-10-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بعدالت صدر و اخان ابڑو نائب تحصیلدار میرحسن کھوسہ

... پسران امام بخش قوم کھنگر ہیں اور میرے والد عبدالوہاب ولد امام بخش قوم کھنگر بھی فوت ہو چکا ہے جائز وارث دو بیٹے محمد زمان احمد بخش پسران عبدالوہاب قوم کھنگر ہیں اور احمد بخش ولد عبدالوہاب قوم کھنگر بھی فوت ہو چکا ہے جائز ورثاء ... قوم کھنگر ہیں موضع مراد واہ تحصیل میر حسن کھوسہ میں انتقال وراثت کرانا چاہتے ہیں اگر کسی کو کوئی عذر اعتراض پیش کرنا ہو تو اندر سات یوم کے ثبوت اثبات پیش کریں ورنہ انتقال وراثت درج کیا جائے گا

آج بتاریخ 29-9-2025 کو بمہر و دستخط سے جاری ہوا۔

DM عبدالرزاق لنگوول

EXTENSION IN DEADLINE

Refer to the advertisement hoisted on BPPRA website (www.bppra.org.pk) vide TSE No. 252608809881, and published in newspapers on 14th August 2025 under AB No. 155/13-08-2025, wherein the proposal/bid submission and opening date was fixed as 28th August 2025. It is hereby notified that the deadline for submission and opening of proposals/bids has been extended up to 7th October 2025 at the office of the undersigned. All other terms and conditions shall remain unchanged as provided in the bidding documents.

Chief Executive Officer

AB No.318/01-10-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بعدالت جناب سول جج بااختیار ڈسٹرکٹ بارکھان

آئندہ تاریخ سماعت 09/10/2025 — گارڈین نمبر 12/025

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub
روزنامہ مشرق کوئٹہ و حب
ایگزیکٹو ایڈیٹر سید ممتاز احمد

پلاسٹک بیگز کا مسلسل استعمال ماحول کے لیے بڑا چیلنج ہے، پروفیسر فرخندہ اورنگزیب

کوئٹہ (خ ن) پلاسٹک بیگز کا مسلسل استعمال ماحول کے لیے ایک بڑا چیلنج ہے جس کی بروقت تدارک ناگزیر ہے، پلاسٹک کا استعمال مسلسل ماحول کے بگاڑ کا سبب بن رہا ہے، اگر بروقت اقدامات نہیں کیے گئے تو ہمارے آنے والے نسلوں کو اس کے نقصانات کا سامنا کرنا پڑے گا، پلاسٹک کے استعمال کی روک تھام کے لیے ضروری ہے کہ قومی سطح پر اس حوالے سے ٹھوس پالیسی مرتب کیا جائے تاکہ ماحول کو کسی بھی ممکنہ تباہی سے بچایا جاسکے، ان خیالات کا اظہار مقررین نے ایجوکیشن اینڈ یوتھ ایمپاورمنٹ سوسائٹی کی زیر اہتمام پلاسٹک بیگز کے

دہشتگردی کے ناسور کو جڑ سے ختم کرنے کیلئے پرعزم ہیں، صادق عمرانی

اس قسم کی بزدلانہ کارروائیوں سے نہ ہماری ہمت ٹوٹ سکتی ہے اور نہ ہمارے حوصلے کمزور ہو سکتے ہیں، جلد دہشتگردوں کو ان کے منطقی انجام تک پہنچایا جائے گا دہشت گرد چاہے کہیں بھی چھپیں، انہیں ڈھونڈ نکالا جائے گا

دھماکے میں شہید اور زخمی ہونے والے سیکیورٹی اہلکاروں اور معصوم شہریوں کے خون کا حساب ضرور لیا جائے گا سیکیورٹی اہلکاروں کی بہادری اور قربانیاں تاریخ میں سنہری حروف سے لکھی جائیں گی

کوئٹہ (پ ر) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر مرکزی رہنما، ترجمان صدر آصف علی زرداری اور صوبائی وزیر برائے زراعت بلوچستان، میر علی حسن زہری نے گزشتہ روز کوئٹہ ماڈل ٹاؤن میں ہونے والے خودکش دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے اور اس دلخراش سانحے میں قیمتی جانوں کے ضیاع پر گہرے رنج و غم اور شدید غم و غصے کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے اپنے مذمتی بیان میں کہا کہ یہ بزدلانہ حملہ "فتنہ الہندستان" کے پالتو دہشت گردوں کی کارستانی ہے اور ان کا نشانہ ایف سی ہیڈکوارٹرز تھا جسے ہماری بہادر سیکیورٹی فورسز نے نہایت بہادری اور جرات سے ناکام بنا کر دہشت گردوں کو جہنم واصل کر دیا ہے۔ میر علی حسن زہری نے کہا کہ بھارت کے ٹکڑوں پر پلنے والے چند ناعاقبت اندیش دہشت گرد بلوچستان میں کارروائیاں کر رہے ہیں لیکن ہم ان بھارت کے پالتو کتوں سے ڈرنے والے نہیں ہیں۔ بہت جلد ان بزدل دہشت گردوں اور ان کے سرپرستوں کو ان کے منطقی انجام تک پہنچایا جائے گا۔ اس قسم کی بزدلانہ کارروائیوں سے نہ ہماری ہمت ٹوٹ سکتی ہے اور نہ ہمارے حوصلے کمزور ہو سکتے ہیں۔ پاکستان بالخصوص بلوچستان کے عوام کا عزم پہلے سے زیادہ مضبوط ہے اور ہم اپنے شہداء کے خون کو رائیگاں نہیں جانے دیں گے۔ میر علی حسن زہری نے کہا کہ آخری دہشت گرد کے خاتمے تک دہشت گردی کے خلاف جنگ جاری رہے گی۔ پاک افواج اور دیگر سیکیورٹی فورسز وطن کی حفاظت میں دن رات چوکنا اور دہشتگردوں کے سامنے سیسہ پلائی دیوار کی مانند کھڑے ہیں اور کسی بھی ایسی کارروائی کا بھرپور جواب دینے کے لئے ہمہ وقت تیار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بزدل دہشت گرد عناصر جان لیں کہ ان کا سامنا ایک بہادر قوم سے ہے جس نے پہلے بھی دہشتگردی کو شکست سے دوچار کیا ہے آئندہ بھی دشمنوں کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملا دیا جائے گا اور دہشت گردوں کا آخری حد تک پیچھا کرتے ہوئے انہیں کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا۔ میر علی حسن زہری نے کہا کہ حکومت اور سیکیورٹی ادارے دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لیے پرعزم ہیں۔ دہشت گرد چاہے کہیں بھی چھپیں، انہیں ڈھونڈ نکالا جائے گا

دہشتگردوں کے ناپاک عزائم کامیاب نہیں ہونے دینگے، علی مدد جتک

سیکیورٹی فورسز اور ایف سی کے جوانوں نے ہمیشہ اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کر کے پاکستان کے دفاع کو مضبوط کیا ہے

دشمن کے اشاروں پر کام کرنے والے خوارج اور ملک کے امن و سلامتی کے سب سے بڑے دشمن ہیں، رکن صوبائی اسمبلی

کوئٹہ (پ ر) پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی اسمبلی کے رکن اور مرکزی کمیٹی کے سینئر رہنما حاجی علی مدد جتک نے کوئٹہ میں ایف سی ہیڈ کوارٹر پر دہشتگردوں کے بزدلانہ حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ کارروائی وطن عزیز کو عدم استحکام سے دوچار کرنے کی سازش ہے۔ انہوں نے کہا کہ دشمن کے اشاروں پر کام کرنے والے خوارج اور ہندوستان کے پالتو ایجنٹ ملک کے امن و سلامتی کے سب سے بڑے دشمن ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز اور ایف سی کے جوانوں نے ہمیشہ اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کر کے پاکستان کے دفاع کو مضبوط کیا ہے۔ اس قسم کے حملے پاک افواج، ایف سی اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے حوصلے پست نہیں کر سکتے بلکہ قوم اور فورسز کے عزم کو مزید مضبوط کریں گے۔ حاجی علی مدد جتک نے کہا کہ بلوچستان کے عوام ان دہشتگردوں کے ساتھ نہیں بلکہ اپنی بہادر سیکیورٹی فورسز کے ساتھ کھڑے ہیں۔ دشمن کے یہ ناپاک عزائم کبھی کامیاب نہیں ہوں گے۔ انہوں نے حکومت اور سیکیورٹی اداروں سے مطالبہ کیا کہ ایسے عناصر کے خلاف سخت ترین کارروائی کی جائے تاکہ آئندہ کوئی بھی وطن دشمن قوت اس قسم کی حرکت کرنے کی جرات نہ کر سکے۔ انہوں نے شہدا کے لواحقین سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پوری قوم شہدا کی قربانیوں کو سلام پیش کرتی ہے اور یہ خون کبھی رائیگاں نہیں جائے گا۔

پوری قوم دہشتگردی کیخلاف متحد ہے، ثمینہ ممتاز زہری

کوئٹہ خودکش دھماکہ منصوبہ بند سازش کا حصہ ہے جس کے پیچھے ہمارے ازلی دشمن بھارت کے خارجی عناصر اور ان کے ایجنٹ ہیں

یہ دہشت گرد اب چھپ نہیں سکتے انہیں منطقی انجام تک پہنچایا جائے گا سیکیورٹی فورسز نے دہشت گردوں کا دلیرانہ مقابلہ کیا

اسلام آباد (پ ر) چیئرپرسن سینٹ سٹینڈنگ کمیٹی برائے انسانی حقوق سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے ماڈل ٹاؤن کوئٹہ میں دہشت گردانہ خودکش حملے کے دلخراش واقعے پر گہرے افسوس اور سخت غم و غصے کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے اپنے مذمتی بیان میں شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ کوئٹہ دھماکہ انتہائی انسانیت سوز اور مکروہ کارروائی ہے۔ اس بزدلانہ حملے میں قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع اور زخمی ہونے والے بھائیوں بہنوں کی خبر نے پورے صوبے اور قوم کو سوگوار کر دیا ہے۔ ہم ان شہداء کے لواحقین کے غم میں برابر کے شریک ہیں اور زخمیوں کے جلد صحتیاب ہونے کے لیے دعا گو ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی، چاہے جس بھی نام یا سرپرستی میں ہو، انسانی جانوں اور امن کے خلاف مرتکب وہ سنگین جرم ہے جسے ہم کسی صورت قبول نہیں کریں گے۔ ہماری قوم کا حوصلہ شکستہ کرنے اور معاشرتی ہم آہنگی برباد کرنے کی کوششوں کو ہم ہر حال میں ناکام بنائیں گے اور پوری قوم اس دہشت گردی کی عفریت سے نمٹنے کے لئے یکجا ہے اور کسی صورت دہشت گردی کے اس ناسور کو پنپنے نہیں دیا جائے گا

آل پاکستان کلرکس ایسوسی ایشن کوئٹہ کے صدر رحمت اللہ زہری عہدیداروں سے گفتگو کر رہے ہیں

کوئٹہ دھماکہ فتنہ الہندوستان کی کارستانی ہے، علی حسن زہری

دہشت گرد عناصر بزدلانہ کارروائیوں کے ذریعے صوبے کا امن و امان خراب کرنے کی ناکام کوشش کر رہے ہیں جس میں انہیں کبھی بھی کامیابی حاصل نہیں ہوگی

صوبائی حکومت امن و امان کے قیام اور دہشت گرد عناصر کی سرکوبی کیلئے سنجیدہ کوششیں کر رہی ہے جس کے بہترین نتائج جلد برآمد ہونا شروع ہو جائیں گے، صوبائی وزیر آبپاشی

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان کے سینئر صوبائی وزیر، پیپلز پارٹی کے سینٹرل کمیٹی کے رکن و صوبائی وزیر آبپاشی میر محمد صادق عمرانی نے پشین سٹاپ کوئٹہ کے قریب بم دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے، اپنے ایک بیان میں صوبائی وزیر نے کہا کہ دہشت گرد عناصر بزدلانہ کارروائیوں کے ذریعے صوبے کا امن و امان خراب کرنے کی ناکام کوشش کر رہے ہیں جس میں انہیں کبھی بھی کامیابی حاصل نہیں ہوگی، انہوں نے کہا کہ سیکورٹی فورسز نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے چار دہشت گردوں کو موقع پر ہلاک کرتے ہوئے شہر اور عوام کو مزید نقصان پہنچنے سے بچالیا، میر محمد صادق عمرانی نے کہا کہ بم دھماکے میں معصوم عوام و دیگر لوگوں کی شہادت ناقابل تلافی نقصان ہے اور اس المناک واقع کا انہیں دل و جان سے افسوس ہے، انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے غیور عوام اور قانون نافذ کرنے والے ادارے دہشت گردی کے ناسور کو جڑ سے ختم کرنے کیلئے پرعزم ہیں لہذا اس طرح کے مشکل حالات میں ہمیں عزم و حوصلے کے ساتھ ان تخریب کار عناصر کا مقابلہ کرنا ہوگا، میر محمد صادق عمرانی نے مزید کہا کہ دو دہائیوں سے زائد عرصہ سے پاکستان کے عوام اور سیکورٹی فورسز نے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں اپنی قیمتی جانوں کا جو نذرانہ پیش کیا ہے انشاء اللہ وہ دن دور نہیں کہ ہمارا ملک اور صوبہ امن و خوشحالی کا ایک عظیم مرکز بنے گا، انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت امن و امان کے قیام اور دہشت گرد عناصر کی سرکوبی کیلئے سنجیدہ کوششیں کر رہی ہے جس کے بہترین نتائج جلد برآمد ہونا شروع ہو جائیں گے۔ میر محمد صادق عمرانی نے بم دھماکے میں شہید ہونے والے تمام افراد کے لواحقین سے ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ تمام شہداء کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطاء فرمائے اور ان کے پسماندگان کو صبر جمیل عطاء کرے، انہوں نے زخمیوں کی جلد صحت یابی کیلئے بھی دعاء کی ہے۔

طلباء کرپشن کے خاتمے میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں، ڈی جی نیب

طلباء اپنے اخلاق اور پیشہ ورانہ مہارت میں عبور حاصل کر کے بدعنوانی سے بہتر انداز میں نبرد آزما ہو سکتے ہیں، نعمان اسلم

نیب اپنی تمام تر صلاحیتیں ہائی پروفائل کرپشن کیسز کے حل اور ایسی تدابیر پر صرف کرے گا جس کی بدولت محکموں میں کرپشن کو پنپنے سے روکا جاسکے

کوئٹہ (خ ن) چیئرمین نیب کے وژن کے مطابق اور انسداد بدعنوانی سے متعلق آگاہی مہم کے تحت، قومی احتساب بیورو (بلوچستان) نے 30 ستمبر 2025 کو بیوٹمز یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کوئٹہ کینٹ کے طلباء اور اساتذہ کے ایک وفد کو مدعو کیا۔ وفد کی قیادت اسسٹنٹ پروفیسر ڈاکٹر رفیق اللہ نے کی۔ نعمان اسلم، ڈائریکٹر جنرل نیب (بلوچستان) نے وفد کا خیر مقدم کیا۔ انہوں نے شفافیت کے عمل کو فروغ دینے میں اس طرح کے پروگرام کی اہمیت پر زور دیا۔ وفد نے نیب بلوچستان کے مختلف دفاتر کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے کام کے طریقہ کار، بشمول شکایات پر کارروائی، انکوائری اور پراسیکیوشن کے عمل کے بارے میں آگاہی حاصل کی۔ خرم شہزاد ڈپٹی ڈائریکٹر نے "نیب کے کام کا طریقہ کار اور بدعنوانی کے خاتمے میں طلباء کا کردار" کے عنوان سے ایک معلوماتی لیکچر دیا۔ انہوں نے نیب کی سہ جہتی حکمت عملی Awareness، Prevention اور Enforcement کے بارے میں تفصیل سے بتایا اور نیب کے قانون اور اس کی ترامیم کے اہم حصوں پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ طلباء اپنے اخلاق اور پیشہ ورانہ مہارت میں عبور حاصل کر کے بدعنوانی سے بہتر انداز میں نبرد آزما ہو سکتے ہیں۔ یہ وصف اُن کے مستقبل میں قائدانہ ذمہ داریاں ادا کرنے میں اہم سنگ میل ثابت ہو سکتا ہے۔ ڈائریکٹر جنرل اور نیاز حسن ڈائریکٹر نیب بلوچستان نے طلباء سے تفصیلی گفتگو کی اور اُن کے تمام سوالوں کے جوابات دیے۔ انہوں نے اپنے خطاب میں چیئرمین نیب کے اس عزم کا اعادہ کیا کہ نیب اپنی تمام تر صلاحیتیں ہائی پروفائل کرپشن کیسز کے حل اور ایسی تدابیر پر صرف کرے گا جس کی بدولت محکموں میں کرپشن کو پنپنے سے روکا جاسکے۔ انہوں نے طلباء کی بدعنوانی کے خلاف کردار سازی کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے انہیں تلقین کی کہ معاشرے سے کرپشن کے اس ناسور کے تدارک کے لیے اپنا کردار ادا کریں۔ دورے کا اختتام پر نیب بلوچستان کی طرف سے ڈاکٹر رفیق اللہ اسسٹنٹ پروفیسر نسٹ یونیورسٹی کو یادگاری شیلڈ دی گئی اور باہمی اظہار تشکر کیا گیا۔ آنے والے وفد نے نیب کے اس اقدام کو بدعنوانی سے پاک معاشرے کی تعمیر کی جانب انتہائی با مقصد اور اہم سنگ میل قرار دیا۔

میر چاکر رند یونیورسٹی کو بڑے اداروں کے برابر لایا جائے گا، قدوس ہنگلزئی

ہم نصاب، تدریس اور ریسرچ میں شفافیت اور جدت کو یقینی بنا رہے ہیں

سبی (نامہ نگار) میر چاکر خان رند یونیورسٹی کے رجسٹرار چیئرمین لاڈ پارٹمنٹ عبدالقدوس ہنگلزئی نے کہا ہے کہ ہماری اولین ترجیح ہے کہ میر چاکر خان رند یونیورسٹی کو معیار تعلیم کے اعتبار سے ملک کے بڑے اداروں کے برابر لایا جائے اس مقصد کے لیے ہم نصاب، تدریس اور ریسرچ میں شفافیت اور جدت کو یقینی بنا رہے ہیں کسی بھی تعلیمی ادارے کی کامیابی کا انحصار اس کے معیار پر ہوتا ہے اگر ہم اپنے طلبہ کو عالمی معیار کی تعلیم فراہم کریں تو یہ ادارہ نہ صرف دیہی علاقوں میں علم کے چراغ روشن کریں گے بلکہ ملک کے تعلیمی وقار کو بھی بلند کریں گے یہ باتیں انہوں نے گزشتہ روز میر چاکر خان رند یونیورسٹی میں ورکنگ جرنلسٹ میڈیا گروپ کے صحافیوں سے دوران ملاقات کہیں عبدالقدوس ہنگلزئی کا کہنا تھا کہ ہمیں نصاب کو مقامی ضروریات کے مطابق ڈھالنے کے ساتھ ساتھ جدید تدریسی طریقہ کار، تحقیقی کلچر اور اساتذہ کی پیشہ ورانہ تربیت پر خصوصی توجہ دینا ہوگی یہ ادارہ اپنے قیام کے آغاز ہی سے علم و تحقیق کے فروغ اور معیاری تعلیم فراہم کرنے کے عزم پر قائم ہے اس یونیورسٹی نے کم وقت میں جو کامیابیاں حاصل کی ہیں وہ اس بات کا ثبوت ہیں کہ یہ ادارہ مستقبل میں ایک مثالی یونیورسٹی کے طور پر ابھرے گا اور ہمارا ہدف صرف ڈگریاں دینا نہیں بلکہ ایسے نوجوان تیار کرنا ہے جو تحقیق، تخلیق اور قیادت کی صلاحیتوں سے لیس ہوں یہ ادارے مقامی کمیونٹی کی ترقی اور ملکی تعلیمی معیار کی بہتری میں کلیدی کردار ادا کریں گے میر چاکر خان رند یونیورسٹی لاڈ پارٹمنٹ میں دو سو سے زائد طلبا و طالبات تعلیم حاصل کر رہے ہیں جو کہ میر چاکر خان یونیورسٹی سبی کے لیے کسی اعزاز سے کم نہیں سبی سمیت دیگر اضلاع سے قانون کی تعلیم حاصل کرنے والے طلبا و طالبات یونیورسٹی سے معیاری تعلیم حاصل کرنے کے بعد اپنے ماں باپ اور شہر کا نام روشن کرنے میں اہم کردار ادا کریں گے آخر میں رجسٹرار چیئرمین لاڈ پارٹمنٹ عبدالقدوس ہنگلزئی نے صحافیوں کو لاڈ پارٹمنٹ کا

کالجز میں معیاری تعلیم یقینی بنانا اولین ترجیح ہے، پروفیسر حسین شاہ

کالج کونسل کو مزید فعال بنانے کے لیے پرنسپل کی مشاورت سے فوری اقدامات اٹھائے جائیں گے، ڈویژنل مانیٹرنگ آفیسر کالجز

یونیفارم کے بغیر کوئی بھی طالبعلم کلاس میں نہیں بیٹھے گا، روزانہ کی بنیاد پر حاضری، یونیفارم اور صفائی ستھرائی کو چیک کیا جائے گا

نصیرآباد (کے پی مگسی) ڈویژنل مانیٹرنگ آفیسر کالجز نصیرآباد، پروفیسر سید حسین علی شاہ نے کہا ہے کہ صوبائی وزیر تعلیم، سیکرٹری ہائر سیکنڈری ایجوکیشن اور ڈائریکٹر کالجز بلوچستان کے احکامات کی روشنی میں نصیرآباد ڈویژن کے تمام کالجز میں معیاری تعلیم کو یقینی بنانا اولین ترجیح ہے۔ گورنمنٹ بوائز ڈگری کالج ڈیرہ مراد جمالی میں منعقدہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے انہوں نے اساتذہ پر زور دیا کہ ہائر سیکنڈری اور بی ایس سطح کے طلبہ کو جدید سائنسی علوم سے آراستہ کرنا ان کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ کم از کم 70 فیصد حاضری، سلیبس کے مطابق کورس کی تکمیل اور کلاسز پر مؤثر چیک اینڈ بیلنس اساتذہ کی پیشہ ورانہ ذمہ داریوں میں شامل ہے۔ پروفیسر حسین علی شاہ نے واضح کیا کہ کالج کے تمام عملے، خواہ پروفیسرز ہوں یا دیگر ملازمین، اپنی ڈیوٹی میں کوتاہی کے ذمہ دار ٹھہرائے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ کالج کونسل کو مزید فعال بنانے کے لیے پرنسپل کی مشاورت سے فوری اقدامات اٹھائے جائیں گے۔ اجلاس میں بی ایس کوآرڈینیٹر پروفیسر روستم علی مگسی، پروفیسر میاں فیض احمد، پروفیسر طاہر سیال، پروفیسر عزیز سیال، پروفیسر صابر نواب لہڑی، پروفیسر معظم علی چنہور، پروفیسر عبدالجلیل سرپرہ، پروفیسر عبدالحفیظ سیال، پروفیسر نذیر احمد بھٹو، پروفیسر نجیب اللہ زہری اور پروفیسر جوہر ہنگلزئی سمیت دیگر اساتذہ شریک تھے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت تعلیم کے شعبے پر سالانہ اربوں روپے خرچ کر رہی ہے، اس لیے اساتذہ کی ذمہ داری ہے کہ طلبہ کو اعلیٰ معیاری تعلیم فراہم کریں تاکہ وہ ملکی و عالمی سطح پر درپیش چیلنجز کا مقابلہ کر سکیں۔ انہوں نے ہدایت دی کہ یونیفارم کے بغیر کوئی بھی طالبعلم کلاس میں نہیں بیٹھے گا، جبکہ روزانہ کی بنیاد پر حاضری، یونیفارم اور صفائی ستھرائی کو چیک کیا جائے گا۔ پروفیسر حسین علی شاہ نے مزید کہا کہ بی ایس پروگرام کے طلبہ و طالبات کو خصوصی توجہ اور محنت درکار ہے تاکہ وہ مستقبل میں ملک کا قیمتی علمی سرمایہ بن سکیں۔

کوہلو، ڈسٹرکٹ ڈویلپمنٹ کمیٹی کا اجلاس

کوہلو (نامہ نگار) ڈپٹی کمشنر کوہلو عظیم جان دومڑ کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ڈویلپمنٹ کمیٹی کا اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں صحت، تعلیم، سڑکوں، پانی اور عوامی سہولتوں سے متعلق متعدد ترقیاتی منصوبوں کی منظوری دی گئی۔ اجلاس میں ونگ کمانڈر لیفٹیننٹ کرنل طحہٰ علی خان، چیئرمین ڈسٹرکٹ کونسل میر نثار احمد مری، ایگزیکٹو انجینئرز، اسسٹنٹ کمشنر کوہلو کبیر مزاری، ضلعی محکموں کے سربراہان اور نمائندگان نے شرکت کی۔ منظور شدہ منصوبوں میں ڈی ایچ کیو ہسپتال اور گرلز ڈگری کالج کوہلو کی سولرائزیشن، سوناری نالہ اور گھر انالہ پر پلوں کی تعمیر، کوہلو سٹی

اسلام آباد، نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار سے ثوشیبہ مبارک ملاقات کر رہی ہیں

پارٹی فعالیت میں کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی، صادق اچکزئی

پارٹی کا منشور ہر گھر تک پہنچانا کارکنوں کی بنیادی ذمہ داری ہے، اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (پ ر) مظلوم عوامی تحریک پاکستان کی صوبائی کابینہ کا ایک اہم اجلاس پارٹی کے مرکزی چیئرمین حاجی صادق خان اچکزئی کی رہائش گاہ پر منعقد ہوا۔ اجلاس کی صدارت پارٹی کے چیئرمین حاجی صادق خان اچکزئی نے کی، جبکہ کارروائی صوبائی جنرل سیکرٹری اسلم اچکزئی نے چلائی۔ اجلاس میں پارٹی کی سابقہ کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اور مستقبل کے لائحہ عمل پر غور کیا گیا۔ اس موقع پر حاجی صادق خان اچکزئی نے اپنے خطاب میں واضح کیا کہ پارٹی کی فعالیت اور عوامی رابطے کو مزید مؤثر بنانے کے لیے تمام کارکنوں کو متحرک ہونا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ پارٹی کا منشور ہر گھر تک پہنچانا کارکنوں کی بنیادی ذمہ داری ہے اور کسی بھی سطح پر کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے فوری طور پر تمام علاقوں میں رکنیت سازی مہم شروع کرنے کی ہدایت دی تاکہ زیادہ سے زیادہ افراد کو پارٹی کے ساتھ منسلک کیا جا سکے۔ اجلاس میں پارٹی رہنماؤں اور کارکنوں نے بھرپور شرکت کی جن میں صادق توبہ وال، گل تمیر خلجی، غلام نبی اچکزئی، حاجی نور محمد رخشانی، آغا جان ہمدرد، حاجی سیلاب خان اچکزئی، ملک حاجی لعل محمد عرف حاجی لالئی، وطن یار خلجی، عبدالروف آزاد اور عرفان خلجی شامل تھے اجلاس کے اختتام پر اس عزم کا اظہار کیا گیا کہ مظلوم عوامی تحریک پاکستان مظلوم طبقات کی آواز بن کر ہر سطح پر عوامی مسائل کو اجاگر کرتی رہے گی اور تنظیمی ڈھانچے کو مزید مضبوط بنانے کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے

سید اقبال شاہ کی عوامی خدمات کسی سے ڈھکی چھپی نہیں، علی نواز ابڑو

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی ضلع سبی کے میڈیا کوآرڈینیٹر علی نواز ابڑو نے وزیر اعلیٰ بلوچستان کے فوکل پرسن و پاکستان پیپلز پارٹی سول سیکرٹریٹ کے انچارج سید اقبال احمد شاہ کی پارٹی و عوامی خدمات کو سراہتے ہوئے انہیں زبردست الفاظ میں خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ سید اقبال احمد شاہ کی پارٹی و عوامی خدمات کسی سے ڈھکی چھپی نہیں موصوف نے جب سے وزیر اعلیٰ کے فوکل پرسن کے عہدے کا چارج سنبھالا ہے پارٹی مسائل میں واضح کمی لا کر عوام و خواص کے مسائل حل کیے ہیں انکی مخلصانہ جدوجہد و کاوشوں کو کوئی ذی شعور انسان رد نہیں کر سکتا سول سیکرٹریٹ میں صبح دس تا شام چھ بجے تک عوامی خدمات کیلئے خود کو وقف کرنے والے عظیم لیڈر کی کاوشیں ناقابل فراموش اور تاریخی ابواب کا حصہ ہیں انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی کے غیر متنازعہ شخصیت سید اقبال احمد شاہ وزیر اعلیٰ بلوچستان کے فوکل پرسن کے عہدے سے قبل بھی عوامی خدمات کیلئے شب و روز مصروف عمل اور کوشاں تھے انکی دن رات عوامی خدمت کی بدولت پارٹی قیادت نے انہیں سی ایم بلوچستان کا فوکل پرسن منتخب کیا

موٹر وے پولیس کے آفیسر ضیاء الدین کا کوئٹہ چیمبر آف کامرس کے حکام کے ہمراہ گروپ فوٹو

زیر ناڑی کے عوام پانی کی بوند بوند کو ترس رہے ہیں، قاضی حضور جان

زمینداروں کا معاشی قتل کیا جا رہا ہے، ناانصافی برداشت نہیں کرینگے، جائز حق کیلئے احتجاج کا حق محفوظ رکھتے ہیں

محکمہ ایریگیشن کے غیر ذمہ دارانہ رویے کا نوٹس لیکر دریائے ناڑی پر پانی کے تقسیم کو شفاف اور منصفانہ بنایا جائے

بھاگ (نامہ نگار) بھاگ بار کے صدر سینئر وکیل قاضی حضور جان ایڈووکیٹ نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا کہ ابھی ایک بار پھر محکمہ موسمیات نے بارشوں کا الرٹ جاری کیا ہے اس وقت زیرینہ ناڑی کے سینکڑوں دیہات گاں کے عوام پینے کے پانی کے بوند بوند کو ترس رہے ہیں پینے کا پانی نہ ہونے اور ہزاروں زرعی زمینیں بنجر اور ویران غیر آباد ہیں زیرینہ ناڑی کے گاں گمب، گاں قاضی واگہ، قاضی وانڈہ، گاں کاٹرا، گاں بلوا، گاں عمر شاہمیر، گاں محرم، گاں چندرانی، سمیت سینکڑوں شہر ہیں جس کے عوام پینے کے پانی اور زرعی زمینوں کو سیراب کرنے کے لیے پریشان ہیں انہوں نے کہا کہ بالا ناڑی میں اگر اس بار کوئی گڑبڑ کی گئی تو زیرینہ ناڑی کے عوام ہرگز خاموشی اختیار نہیں کی جائے گی دریائے ناڑی کے پانی کو بالا ناڑی کے مختلف ڈیموں ناجائز طور پر بند کیا جاتا ہے حالانکہ ان کا اب کوئی حق بھی نہیں بنتا ہے محکمہ ایریگیشن ضلع بولان کچھی کی جانب سے آبپاشی زرعی اراضیات کے پانی میں منصفانہ تقسیم نہ ہونے کی وجہ سے زیرینہ ناڑی کے زمینداروں کو تحفظات اور خدشات ہیں وہ بالا ناڑی اپنے زیر استعمال میں لا چکے ہیں جس میں ہزاروں کیوسک پانی بالا ناڑی سے زیر استعمال لا چکے ہیں محکمہ ایریگیشن ضلع بولان کچھی جو کہ زیرینہ ناڑی زمینداروں کا معاشی قتل کر رہے ہیں

بزدلانہ حملے ہمارے عزم کو متزلزل نہیں کر سکتے، فرید رئیسانی

حملے کے پیچھے موجود سازشی عناصر اور ان کے سہولت کاروں کو بے نقاب کیا جائے گا

بولان (نامہ نگار) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما میر فرید خان رئیسانی نے کوئٹہ ایف سی ہیڈ کوارٹر کے سامنے ہونے والے خودکش بم دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کی انہوں نے کہا کہ ایف سی کے جوانوں نے بہادری سے لڑتے ہوئے چار دہشت گردوں کو جہنم واصل کر کے امن کی فضا خراب کرنے والوں کو مات دی ہے صوبے میں امن و امان کی بحالی کے لیے سیکورٹی فورسز کے جرات مندانہ مقابلے دہشت گردوں کی سازشوں کو ناکام بنا رہے ہیں شہید ہونے والے ایف سی جوان اور عوام کی شہادت و زخمی ہونے والے پر دلی افسوس کا اظہار کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ہم دہشت گردی کے خلاف جنگ میں اپنی سیکورٹی فورسز اور عوام کے ساتھ کھڑے ہیں اور دہشت گردی کے ایسے بزدلانہ حملے ہمارے عزم کو متزلزل نہیں کر سکتے شہدا کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی اور امن و امان کے قیام کے لیے ہر ممکن اقدام کیا جائے گا زخمیوں کی جلد صحت یابی کے لیے دعا گو ہیں اور صوبائی حکومت متاثرہ خاندانوں کی بھرپور مدد کرے گی اس حملے کے پیچھے موجود سازشی عناصر اور ان کے سہولت کاروں کو بے نقاب کیا جائے گا انہوں نے کہا کہ پوری قوم اور سیاسی قوتیں دہشت گردی کی تمام شکلوں کے خلاف متحد ہیں اور ایسے بزدلانہ حملے ان کے حوصلے کو پست نہیں کر سکتے انہوں نے کہا پاکستان پیپلز پارٹی صوبے اور ملک میں دیرپا امن و امان کے قیام کے لیے اپنی جدوجہد جاری رکھے گی میر فرید خان رئیسانی نے کہا کہ بلوچستان کے پر امن ماحول اور ترقی کی کوششوں کو سبوتاژ کرنے کی ایک مذموم کوشش ہے انہوں نے کہا کہ صوبے میں امن و امان کی صورتحال بہتر بنانے کے لیے وفاقی حکومت سے بھرپور تعاون اور وسائل کی فراہمی کا مطالبہ کیا ہے انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی اس عزم کا اعادہ کرتی ہے کہ وہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں ریاست کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑی ہے

اسلام آباد، قائم مقام صدر یوسف رضا گیلانی سے ایتھوپیا کے سفیر ڈاکٹر جمال بکر عبداللہ ملاقات کر رہے ہیں

جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن تیز کیا جائے، ایس ایس پی

کوتاہی برتنے والے افسران کے خلاف محکمانہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی، غلام سرور

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) ایس ایس پی نصیرآباد غلام سرور بھیو کی زیر صدارت ایس ایس پی آفس نصیرآباد میں کرائم میٹنگ کا انعقاد کیا گیا، جس میں اے ایس پی ایس ڈی پی او سرکل سٹی محمد طیب اقبال، آفس سپرنٹنڈنٹ علی محمد کھٹی، سیکورٹی انچارج نصیرآباد نور احمد ڈومکی، ریڈر علی بخش ابڑو، سرکل سٹی کے ایس ایچ اوز، آئی ٹی انچارج منظور احمد ابڑو، او ایچ سی خلیل احمد سومرو اور پی آر او فیروز کے بی مگسی بھی موجود تھے۔ اس موقع پر ایس ایس پی نصیرآباد غلام سرور بھیو نے سرکل سٹی کے تمام ایس ایچ اوز سے فرداً فرداً ان کے تھانہ جات کی حدود میں امن و امان کی صورتحال اور جرائم کی شرح پر تفصیلی بریفنگ لی۔ ایس ایس پی نے ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ پولیس افسران جرائم کے انسداد کے لیے گشت اور ناکہ بندیوں کو مزید مؤثر بنائیں، تھانہ جات کی سطح پر جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن تیز کیا جائے، منشیات فروشوں، اسلحہ بردار عناصر اور اشتہاری مجرمان کے خلاف بلا امتیاز کارروائی عمل میں لائی جائے۔ ایس ایس پی نصیرآباد نے افسران کو مزید ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ کسی بھی تھانے کی حدود میں قانون شکنی، اسٹریٹ کرائم یا ڈکیتی جیسے واقعات برداشت نہیں کیے جائیں گے، اور کوتاہی برتنے والے افسران کے خلاف محکمانہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

کوئٹہ، مرکزی انجمن تاجران بلوچستان کے صدر عبدالرحیم کاکڑ سے موبائل ایسوسی ایشن کے صدر کلیم اللہ ترین اور کابینہ اراکین ملاقات کر رہے ہیں

عوام فورسز کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں، امداد مری

پائیدار امن و ترقی کے لیے تمام سیاسی قوتوں اور قوم کو متحد ہونا ہوگا، رہنما ایم کیو ایم پاکستان

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) ایم کیو ایم پاکستان کے صوبائی سینئر نائب صدر بلوچستان میر امداد حسین مری نے کوئٹہ ایف سی ہیڈ کوارٹر کے قریب ہونے والے بم دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ بزدلانہ کارروائی صوبے کے پرامن ماحول اور ترقی کی کوششوں کو سبوتاژ کرنے کی مذموم سازش ہے انہوں نے کہا کہ ایف سی کے بہادر جوانوں نے جرات و بہادری کے ساتھ دہشت گردوں کا مقابلہ کر کے ان کے ناپاک عزائم کو ناکام بنایا ہے۔ شہید ہونے والے ایف سی جوانوں اور معصوم عوام کی قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے انہوں نے لواحقین سے دلی ہمدردی اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کی دعا کی میر امداد حسین مری نے کہا کہ بلوچستان کے عوام اپنی سیکورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں اور دہشت گردی کے ایسے بزدلانہ حملے ہمارے حوصلے کو کمزور نہیں کر سکتے انہوں نے صوبائی و وفاقی حکومت سے مطالبہ کیا کہ متاثرہ خاندانوں کی فوری اور بھرپور مدد کی جائے اور ان سازشی عناصر و سہولت

سردار بابا غلام رسول خان عمرانی کی غیر مشروط حمایت کا اعلان

نصیرآباد (یو این اے) تحصیل بابا کوٹ کے سیاسی، سماجی و قبائلی رہنما وڈیرہ محمد خان عمرانی صوبھانی نے اپنے ایک بیان میں صوبائی مشیر برائے لیبر اینڈ مین پاور اور پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما سردار بابا غلام رسول خان عمرانی سے غیر مشروط اور آخری دم تک ساتھ دینے کا اعلان کیا۔ انہوں نے کہا کہ ان کی وابستگی ذاتی مفاد یا وقتی سیاست پر مبنی نہیں بلکہ نظریاتی، خاندانی اور اصولی ہے۔ سردار بابا غلام رسول خان عمرانی نے ہمیشہ عوامی خدمت کو ترجیح دی ہے اور ان کے کردار اور قیادت پر مکمل اعتماد ہے۔ وڈیرہ محمد خان عمرانی صوبھانی نے کہا کہ چند مفاد پرست عناصر ذاتی فائدے کے لیے سوشل میڈیا پر پارٹی سے علیحدگی کی پوسٹیں شیئر کر رہے ہیں، درحقیقت یہ ہے کہ سردار بابا غلام رسول خان عمرانی کے مخلص ساتھی اور چاہنے والے ہر حال میں ان کے ساتھ کھڑے ہیں اور ہمیشہ رہیں گے۔

کوئٹہ، پروفیسر ڈاکٹر سمیرا حمزہ، ڈاکٹر خوش نصیب سروائیکل کینسر ویکسین کے حوالے سے اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

MINISTRY OF FEDERAL EDUCATION AND PROFESSIONAL TRAINING
PROJECT MANAGEMENT UNIT
INVITATION TO BID

inistry of Federal Education and Professional Training through Project Management Unit are inviting sealed bids from the contractors duly enlisted with an Engineering Council (PEC) in appropriate category & having valid PEC license for the works as detailed below:

.#	Name of work	NIT Cost (PKR)	Bid Security (PKR)	Date and Time of receiving of Tenders on EPADs	Date and Time of opening of Tenders
	Establishment of Daanish School at Balochistan, Dera Bugti (Baiker)	1,957,248,681/-	97,862,434/-	21-10-2025 at 2:00 pm	21-10-2025 at 2:30 pm

itions:
firms may apply who fulfill the criteria mentioned in the Bid document available in the office of Project Engineer and on EPADS at (www.eprocure.gov.pk). Last r submission of applications is tabulated above. No bid will be received after closing time. Manual submission without submission on EPADs is not allowed.
interested firms should submit in the Technical Envelop duly stamped signed having the name of the firm, address(s), signature of representative, valid nent / renewal of firm with PEC (having relevant category and codes), tax registrations & Completion certificate of similar nature of work done during years. The details of the submissions are given in the bidding document.
owner of the firm should submit the application and collect the tender by himself. In case of authorized person, authority letter (regarding the particular work) in favor of son deputed on the letter pad of the firm is required along-with copy of CNIC. This shall be uploaded in the technical envelop. Details of sub- mission are available in the document. If any contractor wants to participate in tender opening process through their representative, they should issue authority letter on letter head pad of the firm ng complete valid address & contact numbers along with attested copy of CNIC this shall be presented at the time of opening of the bid.
Bid Security shall be in the form of Call Deposit bearing Name of Firm in favor of Project Director, PMU from local scheduled Bank of Pakistan in the cal envelop. Without call deposit the firms shall be rejected in the technical evaluation stage. Cash / cheque will not be accepted.
contractor will submit the documentary evidence as per instructions in the bidding documents, without which tender will be liable for rejection.
curing Agency may reject all bids or proposals at any time prior to acceptance of bid or proposal. The Procuring Agency shall upon request communicate, supplier or contractor who submitted a bid or proposal, but is not required to justify those grounds.
bidding shall be conducted in line with the procedure prescribed under Public Procurement Rules 2004, e-Pak Procurement Regulations, 2023 and any ations, Regulatory Guides, Procurement Guidelines or Instructions issued by the Authority (from time to time), and is open to all potential bidders red in the EPADS.
electronic bids prepared in accordance with the instructions prescribed in the electronic bidding documents must be submitted through EPADS on or 2:00 PM, 21st October, 2025. Electronic bids will be opened by using EPADS on the same day at 2:30 PM.
- Bid meeting is scheduled on 8th October, 2025 at 2:00 PM for clarification and details are mentioned in the bid document.

Project Director, Project Management Unit (PMU) Ministry of Federal Education and Professional Training
1st Floor, Pakistan Manpower Institute, Khayaban-e-Suharwardy, G-7/1, Islamabad pmumofept@gmail.com
PID (I) No.2706/25

تصحیح اشتہار برائے بھرتی کنٹریکٹ ملازمین محکمہ صحت ضلع ڈیرہ بگٹی

بحوالہ اشتہار نمبر PRQ No 1424/22-09-2025 جس کے تحت محکمہ صحت ضلع ڈیرہ بگٹی کے خالی آسامیوں کو پر کرنے کیلئے اشتہار مشتہر ہوا تھا سیریل نمبر 13 تا 16 کے آسامیوں کیلئے ہیلتھ فیسلٹی سی ڈی کلگری شاد ڈالکہ اور پڑھا جائے نیز اس اشتہار کے توسط سے محکمہ صحت کے ان بھرتیوں میں مندرجہ ذیل آسامیوں کا اضافہ کیا جاتا ہے۔

نمبر شمار	نام آسامی	گریڈ	تعداد	ہیلتھ فیسلٹی	یونین کونسل	تعلیمی قابلیت
1	ڈسپنسر	06	01	سی ڈی کلی غلام رسول موضع شاکرین	پھیلاوغ	میٹرک سائنس بمعہ ڈسپنسر ڈپلومہ حکومت کے منظور شدہ ادارے سے
2	ویکسینیٹر	05	01	آر ایچ سی سرمور	پھیلاوغ	میٹرک سائنس بمعہ سیکنڈ ڈویژن اور متعلقہ فیلڈ میں تجربہ ہو

نوٹ: ٹیسٹ انٹرویو سابقہ شیڈول کے مطابق ہونگے۔

ڈپٹی کمشنر / چیئرمین ڈی ایچ سی ڈیرہ بگٹی
PRQ No1674/01-10-2025
www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

اسسٹنٹ کمشنر سب ڈویژن بھاگ سید اللہ یار شاہ دوپاسی کی زیر صدارت اجلاس

بھاگ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کچھی کیپٹن (ر) جمعہ داد خان مندوخیل کے احکامات کی روشنی میں اسسٹنٹ کمشنر سب ڈویژن بھاگ سید اللہ یار شاہ دوپاسی کی زیر صدارت پرائس کنٹرول کمیٹی کا ایک جامع اجلاس منعقد ہوا جس میں سبزی فروشوں، پرچون فروشوں، قصابوں اور مختلف تاجر برادری کے نمائندوں نے شرکت کی۔ اجلاس میں روزمرہ استعمال کی اشیاء، خصوصاً سبزی، گوشت، دودھ، کریانہ و دیگر ضروریات زندگی کی قیمتوں کا باریک بینی سے جائزہ لیا گیا

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق ومغرب (قرآن حکیم)

مشرق

ایگزیکٹوایڈیٹر:۔پرنٹر،پبلشر سید کامران ممتاز نے ایم ای ایم (پرائیویٹ) لمیٹڈ کیلئے مشرق پریس سے چھپوا کر A-4 ماڈل ٹاؤن حالی روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ چیف ایڈیٹر سید ممتاز احمدؒ

ٹیلی فون نمبر:۔2821626-2821538-2829164 فیکس نمبر:۔2835934-2830228

ای میل mashriqqta2008@gmail.com

جمعرات 2 اکتوبر 2025ء

مستحکم ہوتا معاشی منظر نامہ: ایشیائی ترقیاتی بینک کی آوٹ لک رپورٹ

ایشیائی ترقیاتی بینک نے اپنی ایشین ڈیولپمنٹ آوٹ لک رپورٹ جاری کردی ہے،جس کے مطابق رواں مالی سال معاشی شرح نمو اور مہنگائی مقررہ اہداف سے کم رہنے کا امکان ہے۔ایشین ڈیولپمنٹ آوٹ لک رپورٹ نے پاکستان کی معاشی صورتحال کا تجزیہ پیش کیا ہے۔رپورٹ میں یہ واضح کیا گیا ہے کہ موجودہ مالی سال کے دوران پاکستان کی معیشت کو متعدد چیلنجز کا سامنا رہا،تاہم اس کے باوجود کچھ مثبت اشارے بھی سامنے آئے ہیں جو حکومت پاکستان کی پالیسیوں کی افادیت کی علامت ہیں۔رپورٹ میں یہ اندازہ لگایا گیا ہے کہ رواں مالی سال ملک میں معاشی شرح نمو تین فیصد رہنے کا امکان ہے جبکہ وفاقی حکومت نے اس سال کے لئے شرح نمو چار فیصد رکھا تھا اسی طرح اوسط مہنگائی کی شرح چھ فیصد رہنے کی توقع ظاہر کی گئی ہے جو حکومت کے مقررہ کردہ ہدف سات اعشاریہ پانچ فیصد سے کافی کم ہے ان اعداد وشمار سے ظاہر ہوتا ہے کہ اگرچہ اہداف مکمل طور پر حاصل نہیں ہو رہے،مگر کارکردگی مکمل طور پر مایوس کن بھی نہیں ہے۔دراصل ہماری معیشت گزشتہ چند برسوں سے مسلسل دباؤ کا شکار رہی ہے۔عالمی سطح پر کورونا وبا کے بعد پیدا ہونے والا اقتصادی بحران،یوکرین جنگ کے اثرات،اور توانائی کی بڑھتی ہوئی قیمتوں نے ترقی پذیر ممالک کو شدید متاثر کیا ہے،جن میں پاکستان بھی شامل ہے۔داخلی سطح پر سیاسی عدم استحکام،زرمبادلہ کے ذخائر میں کمی،کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ،اور سیلاب جیسی قدرتی آفات نے معاشی بحالی کی راہ میں رکاوٹیں پیدا کیں تاہم ان تمام نامساعد حالات کے باوجود،حکومت پاکستان نے معاشی استحکام اور بحالی کے لئے متعدد اہم اور جرات مندانہ اقدامات کئے جن کے مثبت اثرات اب بتدریج سامنے آنا شروع ہو گئے ہیں۔ایشیائی ترقیاتی بینک کی رپورٹ ان ہی کوششوں کا اعتراف ہے۔رپورٹ کے مطابق پاکستان کی معیشت کی شرح نمو تین فیصد فیصد رہے گی جو جولائی کی رپورٹ میں بھی یہی ظاہر کی گئی تھی۔اگرچہ یہ حکومت کے مقرر کردہ ہدف سے کم ہے،تاہم موجودہ حالات میں یہ کارکردگی بھی قابل قدر ہے۔اے ڈی بی نے پاکستان میں رواں مالی سال اوسط مہنگائی چھ فیصد رہنے کا تخمینہ لگایا ہے مجموعی طور پر یہ شرح حکومت کے ظاہر کئے گئے امکان سے کم ہے اور یہ مہنگائی کے خلاف حکومتی اقدامات کامیابی کی علامت ہے۔رپورٹ میں واضح کیا گیا ہے کہ حالیہ سیلاب کے باعث پاکستان کی فوڈ سپلائی چین متاثر ہوئی ہے،جس نے مہنگائی اور غذائی قلت جیسے مسائل کو جنم دیا۔تاہم،ان چیلنجز کے باوجود حکومت نے اشیائے خورد ونوش کی دستیابی اور قیمتوں کے کنٹرول کے لئے بروقت اقدامات کئے رپورٹ میں اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی پالیسیوں کو محتاط اور ذمہ دارانہ قرار دیا گیا ہے۔شرح سود کو برقرار رکھنے یا کمی کے فیصلے میں احتیاط کا مظاہرہ کیا گیا تاکہ مالیاتی استحکام متاثر نہ ہو ایشیائی ترقیاتی بینک نے اس امر کی بھی تصدیق کی ہے کہ پاکستان نے آئی ایم ایف پروگرام کے تحت اصلاحات پر عملدرآمد جاری رکھا ہے۔ان اصلاحات میں سبسڈی میں کمی،ٹیکس اصلاحات،اور مالیاتی نظم وضبط شامل ہیں پاک امریکہ تجارتی معاہدے کے بعد کاروباری سرگرمیوں میں اضافے کا امکان ہے،جو برآمدات اور صنعتی ترقی کے فروغ میں اہم کردار ادا کرے گا یہ امر قابل ذکر ہے کہ موجودہ حکومت نے ایسے وقت میں اقتدار سنبھالا جب ملک معاشی بحران کے دہانے پر کھڑا تھا۔زرمبادلہ کے ذخائر کم ترین سطح پر تھے،درآمدات بند ہونے کے قریب تھیں،اور مہنگائی کی شرح بلند ترین سطح پر پہنچ چکی تھی۔ان حالات میں عوامی دباؤ کے باوجود حکومت نے ایسے سخت فیصلے کئے جن سے فوری طور پر مقبولیت حاصل نہیں کی جا سکتی تھی،تاہم ان کے طویل مدتی فوائد اب ظاہر ہونے لگے ہیں۔یہ حکومت کی سیاسی بصیرت،اقتصادی فہم،اور عملی اقدامات کا نتیجہ ہے کہ آج پاکستان کی معیشت ایک بار پھر بتدریج استحکام کی طرف گامزن ہے۔توانائی کے شعبے میں اصلاحات،صنعتی بحالی،اور برآمدات کے فروغ کے لئے اقدامات قابل ستائش ہیں اس بات سے انکار ممکن نہیں کہ حکومت کو اپنے ان فیصلوں پر عوامی اور سیاسی تنقید کا بھی سامنا کرنا پڑا مہنگائی میں عارضی اضافہ،بجلی وگیس کے نرخوں میں تیزی،اور بے روزگاری جیسے مسائل نے عوام کی مشکلات میں اضافہ کیا۔تاہم یہ تمام اقدامات اس وسیع تر حکمت عملی کا حصہ تھے جس کا مقصد معیشت کو پائیدار بنیادوں پر استوار کرنا تھا ایشیائی ترقیاتی بینک کی رپورٹ دراصل ان تمام اقدامات کی توثیق ہے۔یہ رپورٹ نہ صرف حکومت کی پالیسیوں کی سچائی کا اعتراف ہے بلکہ یہ بھی ظاہر کرتی ہے کہ سخت فیصلے،اگر نیک نیتی اور حکمت کے ساتھ کئے جائیں،تو ان کی بدولت تقدیر بدلی جا سکتی ہے ہماری معیشت اس وقت جس موڑ پر کھڑی ہے،وہاں پالیسیوں کا تسلسل،سیاسی استحکام،اور معاشی نظم وضبط سب سے زیادہ ضروری ہیں۔ایشیائی ترقیاتی بینک نے بجا طور پر اس بات پر زور دیا ہے کہ اگر پالیسیوں کا تسلسل برقرار رہا تو پاکستان نہ صرف معاشی استحکام حاصل کرے گا بلکہ ترقی کے نئے باب بھی رقم کرے گا اسی طرح موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے کے لئے ایک مربوط حکمت عملی کی ضرورت ہے،کیونکہ حالیہ سیلابوں نے واضح کر دیا ہے کہ پاکستان کے زرعی اور معاشی ڈھانچے کو ماحولیاتی خطرات سے شدید خطرہ لاحق ہے ایشیائی ترقیاتی بینک کی ایشین ڈیولپمنٹ آوٹ لک رپورٹ ایک غیر جانبدار بین الاقوامی تجزیہ ہے جو اس بات کا ثبوت ہے کہ پاکستان کی معیشت بہتری کی جانب گامزن ہے۔اگرچہ تمام اہداف مکمل طور پر حاصل نہیں ہو پائے،مگر سمت درست ہے۔یہ حکومت کی مضبوط قیادت،دوٹوک فیصلوں اور معاشی اصلاحات کا ہی نتیجہ ہے کہ آج ایک بار پھر معیشت میں بہتری عملی طور پر دیکھنے میں آ رہی ہے اب یہ ہماری اجتماعی ذمہ داری ہے کہ ہم ان پالیسیوں کا تسلسل یقینی بنائیں،عوام میں اعتماد بحال کریں،اور پاکستان کو ایک مضبوط،خود کفیل اور خوشحال ریاست بنانے کے سفر کو جاری رکھیں امید ہے کہ آنے والے دن،مہینے اور سال،پاکستان کی معیشت،معاشرت اور ریاستی ڈھانچے کے لئے روشن اور مثبت ثابت ہوں گے۔عین حقیقت بھی یہی ہے کہ مشکل اور نامساعد حالات کے باوجود حکومت نے معیشت کی بحالی واستحکام کے لئے اقدامات کا سلسلہ جاری رکھا اس دوران اگرچہ حکومت کو کافی تنقید کا بھی سامنا کرنا پڑا مگر مشکل اور کڑے فیصلوں تیز دوٹوک عملی اقدامات کی بدولت معاشی منظر نامہ مستحکم ہو رہا ہے امید ہے کہ معیشت کی بحالی واستحکام کے لئے اقدامات کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا اور معیشت سے متعلق مزید اچھی خبریں آئیں گی تاہم پائیدار معاشی اہداف کا حقیقی اور برق رفتار حصول تبھی ممکن ہے جب سیاسی منظر نامہ کسی بھی قسم کی غیر یقینی کا شکار نہ ہو۔

ٹرمپ امن منصوبہ: 'نسل کشی کا مرتکب ملک جیت چکا ہے'

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے بالآخر غزہ میں جنگ بندی کے لیے اپنے 20 نکاتی منصوبے کی نقاب کشائی کردی ہے جسے وہ دو سال سے جاری تباہ کن جنگ کے خاتمے کے لیے ایک تاریخی معاہدے کے طور پر بیان کرتے ہیں۔ لیکن حقیقت میں یہ ایک ایسی دستاویز ہے جو غاصبانہ قبضے کے سامنے فلسطینی مزاحمت کے ہتھیار ڈالنے کے بارے میں ہے۔اس مسودے نے صیہونی افواج کی طرف سے کی جانے والی نسل کشی کی ایک طرح سے حمایت کی ہے جس میں دسیوں ہزار افراد شہید ہو چکے ہیں جن میں زیادہ تر خواتین اور بچے شامل ہیں جبکہ مقبوضہ سرزمین کی پوری آبادی کو اپنے گھر چھوڑنے پر مجبور کیا ہے۔یہ منصوبہ واقعی یہ کہنے کا ایک طریقہ ہے کہ جنگی جرائم کا مرتکب ملک جیت گیا ہے۔سابق برطانوی وزیراعظم ٹونی بلیئر اور ٹرمپ کے داماد جیرڈ کشنر نے نام نہاد امن منصوبے کی تیاری میں کلیدی کردار ادا کیا ہے۔

صدر کے طور پر ٹرمپ کی پہلی مدت کے دوران ابراہم معاہدے کے پیچھے بھی جیرڈ کشنر ہی محرک تھے۔اپنی طرف سے ٹونی بلیئر نے بطور وزیر اعظم بڑے پیمانے پر تباہی پھیلانے والے جوہری ہتھیار رکھنے کے جھوٹے دعووں کی بنیاد پر عراق پر امریکی قیادت میں ہونے والے حملے اور قبضے کی حمایت کی تھی۔عرب دنیا اور برطانیہ میں بھی بہت سے لوگ انہیں جنگی مجرم سمجھتے ہیں۔یہ حیران کن نہیں تھا کہ اسرائیل نے تازہ ترین امریکی منصوبے کو فوراً قبول کرلیا۔پریس کانفرنس میں ٹرمپ کے ساتھ موجود اسرائیل کے وزیر اعظم بنیامین نیتن یاہو جن پر بین الاقوامی فوجداری عدالت کی طرف سے انسانیت کے خلاف جرائم کا الزام عائد کیا گیا ہے،کے پاس امریکی رہنما کی تعریف کے سوا کچھ نہیں تھا جنہوں نے کہا کہ حماس کو ختم کرنے کے لیے اسرائیل کو میری مکمل حمایت حاصل ہو گی۔اس امن منصوبے کو بالکل درست طور پر خطے میں اسرائیل کے فوجی تسلط کو یقینی بنانے کے لیے 'ٹرمپ - نیتن یاہو منصوبہ' قرار دیا گیا ہے۔

حماس کو اس منصوبے کو قبول کرنے کے لیے 72 گھنٹے کا الٹی میٹم دیا گیا ہے جبکہ اس منصوبے پر کام کرتے ہوئے گروپ سے مشاورت ہی نہیں کی

جائزہ
زاہد حسین

گئی۔حماس کو وقت دیا گیا ہے کہ یرغمالیوں کو رہا کیا جائے اور اس کی تحویل میں مرنے والے اسرائیلیوں کی لاشیں واپس کی جائیں۔ستم ظریفی یہ ہے کہ فلسطینی جو کہ اس تنازع کے مظلوم فریق ہیں،ان سے بھی اس نام نہاد امن منصوبے پر مشاورت نہیں کی گئی حالانکہ اس کا مقصد ان کی قسمت کا فیصلہ کرنا ہے۔پاکستان سمیت بڑے عرب اور مسلم اکثریتی ممالک کے رہنماؤں نے پہلے ہی اس منصوبے کی منظوری دے دی ہے جس سے بہت سے تجزیہ کاروں کا کہنا ہے کہ غزہ کو نوآبادیاتی حکومت کے تحت رکھا جائے گا۔اس معاہدے میں مختصر طور پر مستقبل میں ایک آزاد فلسطینی ریاست کے امکان کا صرف ایک مبہم ذکر کیا گیا ہے۔اسرائیل پہلے ہی ایک علیحدہ فلسطینی ریاست کے تصور کو مسترد کر چکا ہے۔اگرچہ اسرائیل کو مغربی کنارے کو الحاق کرنے سے روک دیا گیا ہے لیکن کچھ سخت گیر اسرائیلی وزرا نے ایسا کرنے کی دھمکی دی ہے۔

غزہ منصوبے کے مطابق قیدیوں کے تبادلے کے بعد جنگ فوری طور پر ختم ہو جائے گی۔اسرائیلی فورسز کو صرف یرغمالیوں کی رہائی کی تیاری کے لیے طے شدہ حدود پر واپس جانا ہے۔اس وقت کے دوران تمام فوجی کارروائیاں بشمول فضائی وزمینی بمباری کو معطل کر دیا جائے گا اور جنگ اس وقت تک منجمد رہے گی جب تک کہ مکمل انخلا کے لیے شرائط پوری نہیں ہو جاتیں۔اس کے علاوہ تمام یرغمالیوں کی واپسی کے بعد حماس کے ارکان جو پُرامن رہنے کا عہد کرتے ہیں اور اپنے ہتھیار ڈال دیتے ہیں،انہیں عام معافی دی جائے گی۔جو اراکین غزہ چھوڑنے کی خواہش کرتے ہیں،انہیں فرار کا محفوظ راستہ دیا جائے گا۔یہ درحقیقت اس گروپ کے مکمل ہتھیار ڈالنے کا مطالبہ ہے جو صیہونی قبضے کے خلاف فلسطینی مزاحمت کی سربراہی کر رہا ہے۔مقبوضہ علاقے میں جنگ کے بعد کے انتظامی سیٹ اپ میں حماس کا کوئی کردار نہیں ہوگا۔یہاں تک کہ فلسطینی اتھارٹی جو مقبوضہ مغربی کنارے کو کنٹرول کرتی ہے،اسے بھی جنگ کے بعد کے سیٹ اپ میں کوئی کردار نہیں سونپا گیا ہے۔اس سے عملی طور پر فلسطینی ریاست کا تصور ختم ہو جاتا ہے۔فلسطینی گروپوں کو جنگ کے بعد کے سیٹ اپ سے مکمل طور پر الگ رکھا گیا ہے۔

تاہم اسرائیل کی جارحیت کے پیش نظر قابض افواج کے مرحلہ وار انخلا پر بھی مکمل عمل درآمد غیر یقینی ہے۔درحقیقت اس منصوبے نے اسرائیل کو مزید حوصلہ دیا ہے جہاں انتہائی دائیں بازو کے گروہ کی حکومت ہے جو ایک 'گریٹر اسرائیل' کے قیام کی کھلے عام وکالت کرتے ہیں جبکہ یہاں آزاد فلسطینی ریاست کے لیے کوئی گنجائش نہیں ہے۔امریکی منصوبے کے مطابق،'غزہ پر ایک ٹیکنوکریٹک،غیر سیاسی فلسطینی کمیٹی کی عارضی عبوری نظام کے تحت حکومت کی جائے گی' جو ایک نئے بین الاقوامی عبوری ادارے 'بورڈ آف پیس' کی نگرانی میں کام کرے گی جس کی سربراہی ٹرمپ اور ٹونی بلیئر سمیت دیگر کریں گے۔یہ عملاً مقبوضہ علاقے پر غیر معینہ مدت کے لیے امریکا کو کنٹرول دے دے گا۔کچھ تجزیہ کاروں کا خیال ہے کہ یہ تجویز ٹرمپ کی فروری میں غزہ کو امریکی کنٹرول میں رکھنے کی تجویز سے زیادہ مختلف نہیں ہے تاکہ اسے سیاحتی مقام میں تبدیل کیا جاسکے۔

ٹرمپ انتظامیہ عرب اور بین الاقوامی شراکت داروں کے ساتھ مل کر غزہ میں تعینات کی جانے والی ایک عارضی انٹرنیشنل اسٹیبلائزیشن فورس (آئی ایس ایف) تیار کرے گی۔اس کے علاوہ امن و امان کو برقرار رکھنے کے اس کا بنیادی کام،غزہ میں نئی بننے والی فلسطینی پولیس فورسز کو تربیت اور مدد فراہم کرنا ہوگا۔آئی ایس ایف میں مختلف مسلم ممالک کی افواج شامل ہوں گی۔کچھ رپورٹس کے مطابق،فوجیوں کا بڑا حصہ انڈونیشیا اور پاکستان سے آئے گا،جو دو سب سے بڑی مسلم اکثریتی ممالک ہیں۔ٹرمپ کی پاکستان کے وزیراعظم اور آرمی چیف کی تعریف کی وجہ یہ بھی ہو سکتی ہے۔واضح رہے کہ ٹرمپ کی جانب سے منصوبے پر پاکستان کو اعتماد میں لیا گیا تھا۔آئی ایس ایف مکمل کنٹرول حاصل کرنے تک اسرائیلی سکیورٹی فورسز غزہ میں موجود رہیں گی،جبکہ اس کے بعد بھی اسرائیل اس وقت تک غزہ کے گرد حفاظتی زون بنائے رکھے گا جب تک کہ اسے یقین نہ ہو کہ دہشتگردی کی واپسی کا کوئی خطرہ باقی نہیں رہا ہے۔یقینی طور پر جنگ بندی،اسرائیلی افواج کے ہاتھوں قتل وغارت گری کا خاتمہ کرے گی اور انتہائی ضروری انسانی امداد کی اجازت دے گی۔لیکن اہم سوال یہ ہے کہ کیا امریکی منصوبہ فلسطینی عوام کے آزاد ریاست کے حق کو باضابطہ طور پر تسلیم کیے بغیر خطے میں طویل مدتی امن قائم کر سکتا ہے؟

حماس کو غیر مسلح کیا جا سکتا ہے لیکن غزہ میں ان لوگوں کا کیا ہوگا جنہوں نے دو سال سے جاری نسل کشی میں اپنے خاندان کے افراد کو کھو دیا؟ فلسطینیوں کی ایک پوری نسل جنہوں نے صرف موت اور بھوک دیکھی ہے،ان کے غصے پر قابو نہیں پایا جا سکتا۔متنازع منصوبہ زیادہ عدم اطمینان اور بے چینی کی صورت حال کا باعث بنے گا۔فلسطینیوں نے بجا طور پر امریکی منصوبے کو ایک مذاق قرار دے کر مسترد کر دیا ہے۔

ٹرمپ کا غزہ منصوبہ: امن کی امید، ناامیدی کے سائے میں؟

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کا حال ہی میں پیش کیا گیا 20 نکاتی غزہ امن منصوبہ ایک ایسی جنگ میں نئی ہنگامی کیفیت لے آیا ہے جو برسوں سے جاری ہے اور جس کا سب سے بڑا بوجھ عام فلسطینیوں پر پڑ رہا ہے۔اسرائیلی وزیراعظم بنیامین نیتن یاہو کے ساتھ بھرپور تشہیر کے ساتھ اعلان کردہ اس منصوبے میں فوری جنگ بندی،قیدیوں اور یرغمالیوں کے تبادلے،مرحلہ وار اسرائیلی انخلا،حماس کے عسکری ڈھانچے کے خاتمے اور ایک عبوری بین الاقوامی نگرانی میں حکومت کے قیام کی تجاویز شامل ہیں۔بظاہر یہ منصوبہ جامع دکھائی دیتا ہے،لیکن جب اسے قریب سے پرکھا جائے تو اس میں جہاں خوبیاں ہیں،وہیں خامیاں بھی بہت ہیں۔اس میں ایک فوری خوبی یہ ضرور ہے کہ اگر اسرائیل ہٹ دھرمی چھوڑ کر فوری جنگ بندی پر آمادہ ہو جائے تو فلسطینیوں کو سانس لینے کا موقع مل سکتا ہے،انہیں برسوں سے چلنے والی تنگی اور بیچارگی سے کچھ راحت ملے گی۔لیکن اگر اس پر زیادہ حقیقت پسندی اور کھلی بات نہ کی گئی تو پائیدار امن کے امکانات محدود رہیں گے۔

یہ منصوبہ راتوں رات نہیں بنا بلکہ اس پر یقیناً مہینوں مشاورت ہوئی،کچھ مسلم ممالک سمیت مختلف فریق بھی شامل رہے۔مگر اصل کمزوری اس کے نفاذ میں ہے۔یرغمالیوں کو 72 گھنٹوں میں رہا کرنے اور اس کے بدلے سینکڑوں فلسطینی قیدیوں کی آزادی کی شرط رکھی گئی ہے۔اسرائیلی فوج کا انخلا غیر مسلح کاری کے اقدامات سے مشروط ہے۔حماس کو حکمرانی سے مکمل طور پر الگ کر دیا گیا ہے اور غزہ پر عارضی طور پر ایک تکنیکی بورڈ حکمرانی کرے گا جس میں غیر ملکی ماہرین اور چند فلسطینی نمائندے شامل ہوں گے۔یہ سب کاغذ پر فیصلہ کن لگتا ہے،مگر سوال یہ ہے کہ سرنگوں کے خاتمے کی تصدیق کون کرے گا؟ جنگ بندی کی خلاف ورزیوں کی نگرانی کون کرے گا؟ اور کیا اسرائیل واقعی مکمل انخلا کرے گا یا صرف نام بدل کر قبضہ برقرار رکھے گا؟ سب سے بڑی خامی یہ ہے کہ غزہ میں عملی اختیار رکھنے والی قوت یعنی حماس کو اعتماد میں نہیں لیا گیا۔متاثرہ فریق کو نظرانداز کر کے الٹی میٹم دینا

منظر نامہ
بیرسٹر عثمان علی

سفارت کاری کم اور مسلط کرنا زیادہ ہے۔

اہم مسئلہ یہ ہے کہ حماس کے لیے غیر ملکی نگرانی میں ہتھیار ڈالنا سیاسی خودکشی کے مترادف ہے۔کوئی بھی مزاحمتی تحریک اپنی مرضی سے ختم نہیں ہوتی،خاص طور پر جب اس کے حامی جنگ کی تباہ کاریوں سے شدید متاثر ہوں اور خود دفاع کے بیانیے سے جڑے ہوں۔دوسری طرف اسرائیل کو بھی اعتماد کے شدید بحران کا سامنا ہے۔فلسطینی دہائیوں سے ٹوٹتے ہوئے وعدے اور ادھورے معاہدے سہتے آئے ہیں۔ایسے میں بغیر قابل بھروسہ ضمانت کے وہ کیسے مانیں گے کہ یہ منصوبہ مختلف ہے؟ خود نیتن یاہو پہلے ہی عندیہ دے چکے ہیں کہ اسرائیلی افواج معاہدے کے باوجود غزہ کے اہم حصوں میں رہیں گی،جس سے سوال اٹھتا ہے کہ کیا یہ خودمختاری کی بحالی ہے یا پرانے قبضے کو نئے نام سے قائم رکھنا؟

لیکن یہ تنازعہ محض 'دونوں فریقوں کے سمجھوتے' کا معاملہ نہیں ہے۔یہ ایک غیر متوازن جنگ ہے۔اسرائیل کے پاس بھرپور فوجی طاقت ہے،جبکہ فلسطینی ستر ہزار سے زائد جانیں گنوا چکے ہیں،ان کی بستیاں اجاڑ دی گئی ہیں،خاندان بے گھر ہو گئے ہیں اور لاکھوں لوگ کھلے آسمان تلے کچی آبادیوں میں زندگی گزارنے پر مجبور ہیں۔اقوام متحدہ کے مطابق غزہ کا 80 فیصد سے زیادہ ڈھانچہ تباہ یا شدید متاثر ہو چکا ہے،اور لوگ خوراک،پانی اور صحت جیسی بنیادی سہولتوں سے محروم ہیں۔ایسے حالات میں یہ کہنا کہ فلسطینی اپنی بقا کے لیے بھی سودے بازی کریں سراسر ناانصافی ہے۔اگر ٹرمپ اور عالمی برادری واقعی امن چاہتے ہیں تو انہیں مظلوم اور ظالم کو ایک برابر کھڑا کرنے کے بجائے اسرائیلی اندھا دھند حملوں کی کھل کر مذمت کرنا ہوگی۔

اگر یہ رکاوٹیں کسی طرح عبور بھی کر لی جائیں تو جواز کا مسئلہ پھر بھی باقی ہے۔غیر ملکی نگرانی میں قائم ٹیکنوکریٹ حکومت کو لوگ مقامی خود حکمرانی کے بجائے مسلط شدہ قبضہ سمجھیں گے۔تاریخ گواہ ہے کہ جنگ زدہ آبادی بیرونی حلوں کو آسانی سے قبول نہیں کرتی،چاہے ان کے ساتھ امداد کے وعدے ہوں۔اگر عام غزہ کے لوگ محسوس کریں کہ ان کی آواز دبائی جا رہی ہے تو بغاوت کا خطرہ قائم رہے گا۔اسی طرح خطے میں عرب ممالک اور عوامی رائے بھی اس منصوبے کو تعصب یا فلسطینی امنگوں کو نظرانداز کرنے کے زاویے سے دیکھے گی۔فلسطینی اتھارٹی کو کمزور کرنا اور حماس کو صرف پابندی لگا کر ختم کرنے کی کوشش کرنا سیاسی خلا کو مزید وسیع کرے گا۔

ماضی کے تجربات بھی یہی بتاتے ہیں کہ بڑے اور ہمہ گیر منصوبے کم ہی کامیاب ہوئے۔جب بھی جنگ بندی قائم رہی،وہ محدود اور تدریجی اقدامات کے ذریعے ممکن ہوئی۔2014 اور 2018 میں مصر اور قطر نے قیدیوں کے تبادلے،امدادی راہداریوں کو کھلوانا اور طبی انخلاء وقفے جیسے چھوٹے اقدامات کے ذریعے جنگ بندی کرائی۔یہ معاہدے مکمل امن تو نہیں لائے مگر جانیں بچا گئے اور اعتماد سازی کا ذریعہ بنے۔ان تجربات نے یہ بھی دکھایا کہ جب سول سوسائٹی،این جی اوز اور مقامی نمائندے بھی مذاکرات میں شامل ہوں تو قبول کے امکانات بڑھ جاتے ہیں۔

اس وقت غزہ کو بڑے اعلانات نہیں بلکہ عملی اقدامات کی ضرورت ہے۔سب سے پہلے چند دنوں کی قابل تصدیق جنگ بندی ہونی چاہیے تاکہ زخمیوں اور بیماروں کو نکالا جا سکے اور خوراک،ایندھن اور دوائیں پہنچ سکیں۔اسی دوران محدود قیدیوں اور یرغمالیوں کا تبادلہ اعتماد کی فضا قائم کرے گا اور بتائے گا کہ سمجھوتہ ممکن ہے۔ایسے اقدامات ہی وسیع تر پیش رفت کے لیے بنیاد ڈالیں گے۔

اس کے بعد خطرناک اسلحے یا سرنگوں کے خاتمے اور مکمل فوجی انخلا جیسے اقدامات اٹھائے جا سکتے ہیں۔سب سے بڑھ کر فلسطینیوں سے یہ توقع نہیں ہونی چاہیے کہ وہ اپنے بنیادی حقوق سے دستبردار ہوں۔اصل ذمہ داری اسرائیل پر ہے کہ وہ اجتماعی سزا ختم کرے اور غزہ میں زندگی کو دوبارہ معمول پر لائے۔علاقائی سفارت کاری بھی لازمی ہے۔مصر،اردن،ترکی اور خلیجی ریاستوں کو اس عمل میں شامل کرنا ہوگا تاکہ معاہدے کو وسیع تر قبولیت ملے۔پاکستان،جو سب سے بڑے مسلم ممالک میں سے ایک ہے اور ہمیشہ فلسطینی عوام کے ساتھ کھڑا رہا ہے،اہم کردار ادا کر سکتا ہے۔اقوام متحدہ اور او آئی سی جیسے فورمز پر پاکستان اپنی سفارتی حیثیت سے فلسطینی عوام کے حق خود ارادیت اور انسانی ہمدردی کی فوری ضرورت کو اجاگر کر سکتا ہے۔غزہ کے اندر نچلی سطح پر مصالحتی اقدامات بھی ضروری ہیں تاکہ کوئی گروہ دوبارہ تشدد نہ بھڑکا سکے۔شفافیت لازمی ہے:عوام کو باقاعدہ آگاہی،شکایات درج کرانے کے ذرائع اور کمیونٹی مکالمے فراہم کیے جائیں۔

ٹرمپ کا منصوبہ اپنی خامیوں کے باوجود اس بات کا اشارہ ہے کہ امن کے لیے ایک بار پھر بات چیت کی گنجائش ہے۔لیکن اصل کامیابی بڑے اعلانات میں نہیں بلکہ ان چھوٹے اقدامات میں ہے جو فوری جانیں بچا سکیں۔تاریخ گواہ ہے کہ جنگیں اسی وقت رکتی ہیں جب فریقین سمجھ جائیں

"اسی قاتل" کے ہاتھوں شفا کی توقع

غالباً پہلے بھی اس کالم میں ایک بار ذکر کر چکا ہوں۔کالموں میں لکھی باتیں مگر لوگوں کو یاد نہیں رہتیں۔نئے پڑھنے والوں کو بتانا بھی ضروری ہے۔دہرانے میں لہٰذا کوئی حرج نہیں۔1980ء کی دہائی کے آغاز میں اپنی وفات سے چند روز قبل اردو کے مشہور شاعر جناب فیض احمد فیض اسلام آباد تشریف لائے تھے۔بیگم سرفراز اقبال کے گھر قیام پذیر ہوئے۔انہیں دی مسلم کے ایڈیٹر مشاہد حسین سید اور وہاں کے سٹاف سے ملوانے گارڈن کالج راولپنڈی کے ہر دل عزیز استاد خواجہ مسعود صاحب اس انگریزی اخبار کے دفتر آئے۔

فیض صاحب کو میں اس ملاقات سے کم از کم دس سال قبل سے جانتا تھا۔اکثر ان کے لئے وہ کام کرنے میں بھی خوشی محسوس کرتا جو 'چھوٹوں' سے کروائے جاتے ہیں۔وہ مشاہد صاحب کے کمرے میں خواجہ صاحب کے ہمراہ بیٹھے تھے کہ مجھے بھی وہاں بلوالیا گیا۔مشاہد صاحب کی تمنا تھی کہ اس کمرے میں جو گفتگو ہو رہی ہے میں اس کی بنیاد پر کوئی کالم یا رپورٹ لکھوں۔

فلسطین کی تحریک آزادی کے لئے وہ بہت کڑا وقت تھا۔اردن سے جب فلسطینیوں کو زبردستی نکالا گیا تو لبنان ان کی دوسری پناہ گاہ ہوئی۔لبنان کے شہر بیروت ہی سے فلسطینی رہنما یاسر عرفات نے ایک ثقافتی رسالہ نکالنے کا فیصلہ کیا جو ان دنوں کی 'تیسری دنیا' کہلاتے ممالک میں رائج ادبی رجحانات کو دنیا کے سامنے لاتا تھا۔فیض صاحب اس رسالے کے مدیر تھے۔

لبنان میں بھی لیکن پی ایل او کا قیام مسیحی انتہا پسندوں کی تنظیم نے بتدریج مشکل سے مشکل تر بنانا شروع کر دیا۔حیران کن بات یہ بھی ہوئی کہ خود کو فلسطین کا ایک وتنہا محافظ وترجمان ثابت کرنے کو مصر شام کا صدر حافظ الاسد بھی فلسطینیوں کے خلاف متحرک ہوئی قوتوں کی سرپرستی فرما رہا تھا۔فلسطینیوں کی صابرہ اور شطیلہ کے نام سے آباد وسیع وعریض بستیوں کو تباہ کرنے کے لئے اسرائیلی فوج بھی لبنان میں درآئی۔



برملا
نصرت جاوید

بالآخر نام نہاد 'عالمی برادری' نے فیصلہ یہ کیا کہ فلسطینیوں کو لبنان سے افریقہ کے ملک تیونس منتقل ہو جانا چاہیے۔یاسر عرفات اپنی تنظیم کو بچانے کے لئے اس شرمناک شرط کو منظور کرنے پر آمادہ ہو گئے۔میری ناقص رائے میں پی ایل او کی لبنان سے تیونس منتقلی فلسطینی تحریک کو کمزور تر بنانے کا اہم ترین سبب ہوئی۔فیض احمد فیض بھی نہایت دیانت داری سے یہ حقیقت تسلیم کرتے تھے۔یہ تسلیم کرنے کے باوجود وہ نہایت بے تابی سے یہ سوال بھی اٹھاتے کہ یاسر عرفات کے پاس تیونس جانے کی شرط ماننے کے سوا کونسا راستہ بچا تھا۔

پیر کی شام امریکی صدر کے غزہ میں 'امن کی بحالی' کے لئے 20 نکات منظر عام پر آئے ہیں۔بین الاقوامی امور کا حقیر طالب علم ہوتے ہوئے میرے لئے اس کی کئی شقیں فلسطین کے حامیوں کیلئے انتہائی شرمناک محسوس ہو سکتی ہیں۔شاید آتش اب بھی جوان ہوتا تو ڈٹ کر ان کی مذمت کرتا۔بے تحاشہ ناخوش گوار تجربات سے گزرنے کے بعد مگر فیض صاحب کی طرح یہ سوال اٹھانے کو مجبور ہوں کہ مسلمانوں کے پاس ٹرمپ کے فارمولے کو تسلیم کرنے کے سوا کونسی راہ موجود ہے۔

اکتوبر 2023ء کے بعد اسرائیل نے جس وحشیانہ انداز میں غزہ پر گولہ باری کی ہے،نام نہاد 'مسلم امہ' نے اس کی محض لفظی مذمت کی۔اسرائیلی فضائیہ کو غزہ پر بمباری سے روکنے کے لئے کسی مسلمان ملک نے عملی مداخلت نہیں کی۔مداخلت نہ ہونے کی بنیادی وجہ یہ بھی تھی کہ حماس نے 23 اکتوبر کے روز اسرائیل میں گھس کر جو کارروائیاں کیں وہ کئی اعتبار سے ناقابل دفاع بھی تھیں۔فلسطینیوں کے دلوں میں نسلوں سے ابلتا غصہ ہر حوالے سے برحق ہے۔حماس نے اس غصے کو مگر ناقابل دفاع انداز میں اکتوبر 2023ء میں ظاہر کیا۔'حساب برابر' کرنے کی ضد میں لیکن اسرائیل بھی ساری حدود پار کر گیا۔غزہ کی پٹی میں محصور بچوں اور خواتین کا حماس کی فیصلہ سازی سے کوئی تعلق نہیں تھا۔ان کو مگر وحشیانہ بمباری کا تواتر سے نشانہ بنایا گیا۔غزہ کی پٹی میں محصور عام شہریوں کو خوراک اور پانی جیسی بنیادی ضرورتوں سے بھی محروم رکھا گیا۔صحت عامہ کا جو نظام غزہ میں بہت تگ ودو سے تیار ہوا تھا اس سب کو بے دریغ انداز میں تباہ کر دیا گیا۔مسلمان ملک مگر اسرائیل کا ہاتھ روکنے میں ناکام رہے۔

مجھے یاد پڑتا ہے کہ 1967ء کی عرب-اسرائیل جنگ کے دوران میں آٹھویں جماعت کا طالب علم تھا۔سکول جانے کے بجائے مجھ جیسے کئی دیوانے لاہور کے مال روڈ پر آ جاتے اور 'ناصر-یاسر الحبیب-فضل فضل تل ابیب' (مصر کے صدر ناصر اور پی ایل او کے سربراہ یاسر عرفات ایک دوسرے کے رفیق ہیں۔ہم ان سے درخواست گزار ہیں کہ باہم مل کر تل ابیب جو ان دنوں اسرائیل کا دارالحکومت تھا کا رخ کریں)۔ایسے جلوس پاکستان ہی نہیں دنیا کے کئی اور ممالک میں بھی عرب-اسرائیل جنگ بندی تک جاری رہے۔

غزہ پر وحشیانہ بمباری کے دوران مسلم ممالک میں ویسی ہل چل نظر نہیں آئی۔فقط مذمتی بیانات اور سربراہان مملکت کی آنیاں جانیاں رہیں۔اس لاتعلقی کے ہوتے ہوئے مسلم دنیا کے پاس امریکی صدر ٹرمپ کے پیش کردہ 'امن فارمولے' کو تسلیم کرنے کے سوا کوئی راستہ ہی نظر نہیں آرہا۔عملیت پسندی کا تقاضہ ہے کہ 'کڑوے گھونٹ' کو پی لیا جائے۔امریکی صدر نے کیمروں کے روبرو یہ حقیقت تسلیم کی ہے کہ پاکستان کے وزیراعظم اور فیلڈ مارشل نے روز اول سے موصوف کو ایسا فارمولا سوچنے کو کہا ہے۔اسی فارمولے کو تسلیم کرنے کا سب سے بڑا فائدہ غزہ کی پٹی میں محصور ہوئے عام شہریوں،خصوصاً بچوں اور عورتوں کا تحفظ ہے۔دور رس نقطہ نظر سے یہ بات بھی اطمینان بخش ہے کہ امریکہ،اسرائیل کو فلسطینی لیگل اتھارٹی کے زیرتسلط دریائے اردن کے مغربی علاقوں کو ہڑپ کرنے سے روکے گا۔وہاں اسرائیلی آبادکاروں کی زور زبردستی سے بسائی بستیوں کی تعمیر بھی ناممکن ہو جائے گی۔

وقتی طور پر تکلیف دہ اگرچہ یہ حقیقت بھی ہے کہ غزہ کی پٹی آئندہ کئی برسوں تک ارض فلسطین سے جدا ایک خطہ ہوگی جسے امریکی صدر کی قیادت میں قائم ہوا ایک بورڈ چلائے گا۔اس بورڈ کا سی ای او برطانیہ کا سابق وزیراعظم ٹونی بلیئر ہوگا۔برطانیہ ہی نے کشمیر کی طرح اسرائیل اور فلسطین کا قضیہ کھڑا کیا تھا۔'اسی قاتل' کے ہاتھوں شفا کی توقع جی کو تکلیف تو بہت پہنچاتی ہے۔بات مگر وہی فیض صاحب والی کہ کمزور قوتوں کے پاس جبر کی صورت نازل ہوئی شرطوں کے انکار کا متبادل کیا ہے؟ دکھی دل کے ساتھ جھول رہا ہے اسی پر گزارہ کرنے کو مجبور ہیں۔

نیویارک سے-امریکہ سے تعلقات کے نئے دور میں توقعات اور خدشات

اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی میں وزیراعظم شہباز شریف کی تقریر سننے کی غرض سے اپنی نشست سنبھال چکا تھا۔وزیراعظم شہباز شریف کی تقریر سے قبل نیتن یاہو کی تقریر تھی اور اس کی تقریر کو اکثریت نے سننے سے انکار کرتے ہوئے جنرل اسمبلی سے باہر جانا مناسب خیال کیا تھا اس وجہ سے جب وزیراعظم شہباز شریف کی تقریر کا آغاز ہوا تو اس وقت سامعین نے ہال میں واپس آنا شروع کر دیا جس میں کچھ لمحے گزر گئے۔تقریر کا اثر سامعین پر مثبت انداز میں ہوا ویسے بھی گزشتہ مئی کے فوجی تصادم کے بعد پاکستان کی بات کو زیادہ غور سے سنا جا رہا ہے اور میں نے واشنگٹن اور نیویارک میں جتنے بھی امریکیوں سے اس پر گفتگو کی چاہے ان کا تعلق امریکی قانون سازوں سے

پیش نظر
محمد مہدی

ہو یا وہ مختلف تھنک ٹینکوں سے وابستہ افراد ہو ان سب کا نکتہ نظر میں پاک انڈیا فوجی تصادم کے بعد ایک واضح فرق ضرور محسوس ہو رہا تھا مگر اس سے اس خوش گمانی میں مبتلا نہیں ہو جانا چاہیے کہ تمام معاملات امریکہ سے طویل عرصے کے لئے بہتر ہو گئے ہیں۔

اقوام متحدہ میں پاکستانی مندوب عاصم افتخار بہت فعال کردار ادا کر رہے ہیں اور انہوں نے اپنی ٹیم کے ساتھ بہت برق رفتار رابطہ قائم کر رکھا ہے اور اس سے ٹیم بہت متحرک محسوس ہوئی۔مستقل مندوب عاصم افتخار نے فون پر بات کی ہی تھی تو چند لمحوں بعد ہی امانت علی کا فون آگیا اور پھر سارے وقت ان کے باہمی رابطہ ضبط کو ملاحظہ کرتا رہا۔وزیراعظم کی تقریر سے منسلک امور کو بہت اچھی طرح سے نمٹایا گیا تھا۔وزیراعظم شہباز شریف کی امریکہ موجودگی کی وجہ سے اور پھر صدر ٹرمپ سے ملاقات ہونے کی وجہ سے امریکیوں میں سے جس کسی سے بھی ملاقات ہوئی وہ پاکستان اور امریکا کی موجودہ دوستی پر پاکستان میں موجود سوچ پر گفتگو کرنا چاہتے تھے۔صدر ٹرمپ سے وزیراعظم اور فیلڈ مارشل کی ملاقات کے تو اثرات یقینی طور پر مثبت ہی ہوئے مگر امریکا میں حالات کا باریک بینی سے جائزہ لینے والے ایک سوال بھی اٹھاتے ہوئے ملے کہ پاکستان موجودہ بہتر ہوتے تعلقات میں سفارت کاری کو بری طرح سے نظر انداز کر رہا ہے اور اس کی سب سے بڑی دلیل وہ یہ دیتے ہیں کہ چلو جب فیلڈ مارشل کو صدر ٹرمپ نے دعوت دی تو اس کو ایک خالص فوجی امور کی ملاقات تصور کرتے ہوئے اس بات سے صرف نظر کیا جا سکتا تھا کہ اس ملاقات میں پاکستان کی وزارت خارجہ سے متعلق افراد موجود نہیں تھے مگر جب اب وزیراعظم اور فیلڈ مارشل نے صدر ٹرمپ سے ملاقات کی تو اس میں تو پاکستان کے وزیر خارجہ جو نائب وزیراعظم بھی ہے کو لازمی طور پر شامل ہونا چاہیے تھا۔صدر ٹرمپ کے ہمراہ جب مارک روبیو موجود تھے تو وزیراعظم کے ہمراہ اسحاق ڈار کیوں موجود نہیں تھے۔ادھر یہ خیال اس ملاقات کے بعد پنپ رہا ہے کہ دونوں ممالک کے تعلقات ضرور بہتری کی جانب گامزن ہیں مگر سفارتی سطح پر کوئی پیش قدمی نہیں ہو رہی ہے اور اگر امور کو ڈپلومیسی کی دنیا سے ہٹ کر چلایا گیا تو اس سے مستقبل میں کسی مس انڈرسٹینڈنگ کا امکان بڑھ سکتا ہے کیوں کہ اگر ڈپلومیسی میں آگے نہیں بڑھ رہے ہیں تو پھر سب کچھ ناپائیدار ثابت ہوگا۔

ایک امریکی قانون ساز نے مجھے کہا کہ پاکستان اور امریکہ کے تعلقات کی ایک طویل تاریخ موجود ہے۔پاکستان اکثر اس پر بعد میں شاکی ہو جاتا ہے کہ امریکہ نے پاکستان کو چھوڑ دیا ہے مگر وہاں پر یہ بات نہیں ہوتی ہے کہ امریکہ سے کوئی معاہدہ کرتے ہوئے پاکستان نے ایسا کون سا وعدہ لیا تھا کہ جس کی وجہ سے ہم پابند ہوتے۔پاکستان میں 'ڈومور' کا ایک مذاق بنا لیا گیا تھا مگر کوئی یہ نہیں بتاتا تھا کہ کیا امریکہ پاکستان سے اس سے زیادہ طلب کر رہا ہے جتنا پاکستان نے اس سے وعدہ کر رکھا تھا۔چلو وہ تو ماضی ہوا اور ٹرمپ کے دور کی بات ہوئی اب پاکستان امریکہ کے ساتھ تعلقات کے ایک نئے دور کا آغاز کر رہا ہے کہ جس میں ریئر ارتھ منرلز سے لے کر سٹریٹجک امور تک سب شامل ہوں گے۔اس دور میں تمام امور کو بہت صاف شفاف انداز میں نمٹنا چاہیے اور اس میں سفارت کاری کو مقدم رکھنا چاہیے۔جب صاف شفاف کا کہا جا رہا ہے کہ اس سے مطلب یہ ہے کہ پاکستان کو تمام امور کو پاکستان کے سب سے مقتدر ادارے پارلیمنٹ کے سامنے پیش کرنا چاہیے۔

اس بات کو با آسانی سمجھا جا سکتا ہے کہ اس معاملے کی حساس نوعیت کے سبب سے پارلیمنٹ کی اس پر کھلی کارروائی ممکن نہیں ہے مگر پارلیمنٹ کے بند کمرے کے اجلاس میں تو تمام اراکین پارلیمنٹ کے سامنے یہ معاملہ ضرور رکھنا چاہیے اور اپنی پارلیمنٹ کے تمام اراکین پر اعتماد کرنا چاہیے کیوں کہ اس طرح سے ملک میں جمہوریت کا تشخص بھی بہتر ہوگا،بہتر سے بہتر رائے بھی حکومت کو دستیاب ہوگی جبکہ پاکستان نے مستقبل میں جن حالات کا سامنا کرنا ہے اس کی بھی مکمل طور پر وضاحت ہو جائے گی۔اگر ہم نے کوئی 'ڈومور' کرنا ہوگا تو اس کا بھی علم ہوگا اور انکار کرنا ہوگا تو وہ بھی سامنے ہوگا۔پارلیمنٹ پر سب کو اعتماد کرنا چاہیے۔

مریم بی بی! 1989 کی سیاست مت کرو

2025 میں مریم بی بی اور اس کی تین چار سہیلیوں نے پنجاب کی حکمرانی کو 1989-90 کی اس سیاست کا عکس بنانا شروع کر دیا ہے جو صوبائی عصبیت،نفرت اور تکبر پر مبنی تھی۔

مریم بی بی یہ بھول گئی ہیں کہ جب نواز شریف نے جنرل مشرف سے معاہدہ کر کے دس سال کے لیے سیاست سے دستبرداری اور جلاوطنی اختیار کی،تو اس دوران محترمہ بے نظیر بھٹو اور آصف علی زرداری نے

حقائق نامہ
محمد ضرار یوسف

بہت سے تلخ حقائق (جن میں ظلم،زیادتی،تشدد اور کسی جرم کے بغیر پیپلز پارٹی کے قائدین کو جیلوں میں قید رکھنا شامل تھا) کو نظرانداز کرتے ہوئے پاکستان میں حقیقی جمہوری کلچر کو پروان چڑھانے کے لیے 2006 میں 'چارٹر آف ڈیموکریسی' پر دستخط کیے۔نواز شریف نے 90 کی دہائی میں ایسی پالیسی اپنائی جس سے یہ تاثر ملا کہ وہ 'گریٹر پنجاب' کے نمائندہ کردار کے طور پر سامنے آ رہے ہیں۔یہ پالیسی پنجاب کو دیگر صوبوں پر فوقیت دیتی تھی اور اسی کو 'پنجابائزیشن' کے تسلسل کا حصہ تصور کیا جا سکتا ہے۔اس عمل سے دوسرے صوبوں کے عوام میں پنجاب کے خلاف نفرت کو مزید تقویت ملی۔نواز شریف اور ان کے رفقاء نے 'جاگ پنجابی جاگ' کا نعرہ لگا کر صوبائی عصبیت کی انتہا کر دی۔یہ نعرہ اس وقت لگایا گیا جب محترمہ بے نظیر بھٹو کی حکومت نے پنجاب کے اندر نظرانداز شدہ دیہی علاقوں میں 'پیپلز پروگرام' کے تحت سڑکوں،گلیوں،محلوں میں ترقیاتی کام شروع کیے،جن میں اسکول،کالج،ڈسپنسریاں اور عوامی فلاح و بہبود کے منصوبے شامل تھے۔نواز شریف نے اس نعرے کے ذریعے پنجاب میں علاقائی اور لسانی بنیاد پر مزاحمتی فضا پیدا کی تاکہ پیپلز پارٹی کے وفاقی اثر کو کم کیا جا سکے۔مقصد یہ تھا کہ پنجاب کو وفاقی حکومت کے خلاف متحرک کیا جائے تاکہ بے نظیر بھٹو کی حکومت کمزور ہو اور وہ عوامی فلاح کے اپنے منشور پر عمل نہ کر سکے۔پیپلز پروگرام محترمہ بے نظیر بھٹو کی حکومت کا ایک ترقیاتی منصوبہ تھا،جس کے ذریعے وفاقی حکومت براہ راست عوامی فلاحی اسکیمیں (ترقیاتی فنڈز،پینے کا پانی،چھوٹے منصوبے) شروع کرنا چاہتی تھی۔نواز شریف نے اس کے خلاف کئی عملی اقدامات کیے:یہ مؤقف اپنایا کہ ترقیاتی فنڈز صوبائی حکومت کے ذریعے خرچ ہوں،براہ راست وفاقی حکومت کے ذریعے نہیں۔پنجاب حکومت نے بیوروکریسی کے ذریعے کئی جگہوں پر پیپلز پروگرام کے ترقیاتی کاموں کو سست یا محدود کر دیا۔وفاقی فنڈز روکنے کی کوشش کی گئی اور پنجاب کے افسران کو ہدایت دی گئی کہ وفاقی نمائندوں کے ساتھ تعاون محدود رکھا جائے تاکہ بے نظیر حکومت عوامی کریڈٹ نہ لے سکے۔

حسین حقانی اپنی کتاب Between) Military and Mosque (2005 Endowment,Carnegie میں لکھتے ہیں کہ 1988 کے بعد اسٹیبلشمنٹ نے اسلامی جمہوری اتحاد (IJI) بنایا اور نواز شریف کو "counterweight" کے طور پر استعمال کیا۔فوجی قیادت اور صدر غلام اسحاق خان نے پنجاب حکومت کو اشارہ دیا کہ پیپلز پروگرام کے منصوبوں کو سبوتاژ کرے۔عائشہ جلال اپنی کتاب and Democracy Asia SouthinAuthoritarianism Press, University Cambridge) 1995) میں لکھتی ہیں کہ نواز شریف کی صوبائی حکومت نے patronage" federal schemes " (یعنی پیپلز پروگرام جیسے منصوبے) کو قبول کرنے سے انکار کیا اور کئی جگہوں پر انہیں منہدم کرایا۔حالانکہ آئین پاکستان کے آرٹیکلز 156،97 اور 160 کے تحت محترمہ بے نظیر بھٹو کی حکومت کو صوبوں میں وفاقی ترقیاتی پروگرام چلانے کا اختیار حاصل تھا۔مریم بی بی اپنے والد کے نقش قدم پر چلتے ہوئے جہاں صوبوں میں نفرت پھیلانے میں کردار ادا کر رہی ہیں،وہیں غرور اور تکبر کے باعث کسی مشورے کو تسلیم کرنا تو درکنار،سننا بھی توہین سمجھتی ہیں۔پنجاب حکومت دعویٰ کرتی ہے کہ سیلاب زدگان کی مدد اپنے وسائل سے کرے گی اور فی کس دس لاکھ روپے ادا کرے گی۔پنجاب میں سرکاری اعداد وشمار کے مطابق 42 لاکھ افراد سیلاب سے متاثر ہوئے ہیں۔اگر مریم بی بی اپنے دعوے کے مطابق ادائیگی کرتی ہیں تو کل رقم 4.2 ٹریلین روپے درکار ہوگی،جبکہ پنجاب کا 2025-26 کا کل بجٹ 5.22 ٹریلین روپے ہے۔اس سے قبل مریم بی بی نے تین سو یونٹ استعمال کرنے والے صارفین کو خوشخبری دی تھی کہ ان کے بجلی کے بل حکومت پنجاب ادا کرے گی،جو تاحال ایفا نہ ہو سکی۔وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے صوبائی حکومت کے اخراجات پورے کرنے کے لیے 405 ارب روپے کے ٹی بلز (Bills Treasury) کے ذریعے قرض حاصل کیا۔یہ رقم صوبے کے مالیاتی خسارے اور سیلابی بحالی جیسے اخراجات پورے کرنے کے لیے لی گئی ہے۔اس قرض کا بوجھ براہ راست پنجاب حکومت پر آئے گا اور اسے مقررہ مدت میں عام طور پر شرح سود (markup) کے ساتھ واپس کرنا ہوگا۔لیکن پنجاب کے عوام کی آنکھوں میں دھول جھونکنے کے لیے فرمایا جا رہا ہے کہ یہ قرض نہیں ہے۔

عالم اسلام اور نئی حقیقتوں کا ادراک

معاہدہ غزہ کا اعلان کرتے ہوئے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے درست کہا کہ یہ تاریخی دن ہے۔اس معاہدے کا مفہوم یہ ہے کہ اسرائیل کے خلاف مسلمان ممالک کی مزاحمت جیسے بھی تھی،باقاعدہ اور اعلانیہ ختم ہوگئی ہے۔معاہدے کا یہ مطلب بھی ہے کہ جتنی بھی مزاحمت تھی آخر کار بے کار نکلی اور اب اس لمحے مختلف مسلمان ممالک اسی میں راحت اور آسودگی محسوس کر رہے ہیں کہ جنگ کی باتیں ختم ہو گئیں۔نہ صرف اسرائیل کا وجود تسلیم ہوا بلکہ فلسطین اور اُس کے اردگرد کے علاقے میں اسرائیل کے تسلط کا بھی اقرار ہوگیا۔عرب ممالک اسرائیل کے مقابلے میں پہلے بھی جنگیں ہار چکے تھے لیکن ہارنے کے بعد دلوں میں رنجش اور جذبۂ انتقام رہتا۔غزہ کی جنگ کی ہولناکیوں کے بعد رنجش کے کوئی آثار نظر نہیں آتے۔یعنی یہ احساس پیدا ہو چکا ہے کہ اسرائیل کا مقابلہ عربوں کے بس کی بات نہیں۔تلخ بات ہے بُری بھی لگے گی لیکن حقیقت یہی ہے۔مسلمان دنیا مانے یا نہ مانے شمشیر یہود نے اپنا لوہا منوالیا ہے اور اب جو معاہدہ ہوگا اُس کے بعد کوئی عرب ملک مزاحمت کی بات نہیں کرے گا۔

یہ جو نیا نقشہ کھینچا گیا ہے اور جسے امریکی طاقت کی وجہ سے اسلامی ممالک تسلیم کرنے چلے ہیں' اس کے خدوخال میں پاکستان بھی اپنا حصہ ڈال رہا ہے۔معاہدہ کا اعلان کرتے ہوئے صدر ٹرمپ نے کس خوبصورتی سے تمام متعلقہ مسلمان ممالک اور اُن کے لیڈروں کا نام لیا۔پاکستان کے بارے میں کہا کہ وہاں کے وزیراعظم اور فیلڈ مارشل آف پاکستان نے ابھی ابھی معاہدے کی حمایت کا اعلان کیا ہے۔وزیراعظم اور فیلڈ مارشل کا دو دفعہ ذکر ہوا۔ابراہام اکارڈ کے تحت یو اے ای' مراکش' بحرین اور سوڈان جیسے ممالک پہلے ہی اسرائیل کو تسلیم کر چکے ہیں۔اب زور سعودی عرب پر لگے گا اور معاہدہ غزہ عملی شکل اختیار کرتا ہے تو سعودی عرب کا کوئی اعتراض باقی نہیں رہ جاتا۔سعودی عرب تو ویسے ہی نئی راہوں پر گامزن ہے یہ

اظہار خیال
ایاز امیر

اور بات ہے کہ اب تک بیشتر پاکستانیوں کو سعودی عرب کی اس تبدیلی کی سمجھ نہیں آ رہی۔سعودی عرب نے ابراہام اکارڈ کے تحت کوئی قدم اٹھایا تو پاکستانیوں کو یہ سمجھ لینا چاہیے کہ پاکستان بھی اس ضمن میں کوئی دیر نہیں کرے گا۔اور سعودی عرب ابراہام اکارڈ کا حصہ بنتا ہے تو ہم بھی حصہ بن جائیں گے۔یعنی ہمارے سارے نعرے صیہونی سازشوں کے بارے میں تاریخ کے کوڑا دان میں چلے جائیں گے۔مشرق وسطیٰ کا جو نیا نقشہ بن رہا ہے اُس کا گاڈ فادر صدر ٹرمپ ہوں گے۔اس نقشے کے اہم جزو سعودی عرب اور یو اے ای ہوں گے۔ہمارے گہرے تعلقات دونوں ممالک سے ہیں۔سعودی عرب سے تو سٹرٹیجک دفاعی معاہدہ بھی ہو چکا ہے۔صدر ٹرمپ بڑی گرم جوشی سے ہمارا ذکر کرتے ہیں اور اُن سے موجودہ پاکستانی قیادت کے گرم جوشی پر مبنی تعلقات قائم ہو چکے ہیں۔غزہ میں جو امن بورڈ قائم ہونے چلا ہے اُس کے سربراہ ڈونلڈ ٹرمپ ہوں گے۔پورے نئے نقشے کے گاڈ فادر وہ ہوں گے۔ایسے میں موجودہ پاکستان کہاں دور رہ سکے گا۔جہاں سعودی عرب کے قدم پڑیں گے انہی قدموں پر چلنے میں ہمیں کوئی دقت محسوس نہ ہوگی۔اور کوئی اس خام خیالی میں نہ رہے کہ یہ اچھی بات نہ ہوگی۔یہ اچھی بات ہوگی کیونکہ جب عرب اور اسلامی ممالک باجماعت امریکہ کی ترتیب دی ہوئی صف میں کھڑے ہوں گے تو پاکستان کو کس سانپ نے کاٹا ہے کہ ہم فضول کے نعرے لگاتے ہوئے ماضی کی زنجیروں میں جکڑے رہیں۔

